# نشانِ راہ

## سہ ماہی خبرنامہ

مسلمان جو پودا لگاتا یا کھیتی کرتا ہے اس سے پرندہ، انسان یا جانور
کچھ کھاتے ہیں تو یہ اُس کی طرف سے صدقہ ہے۔(بخاری)






سہ ماہی رپورٹ
جولائی 2014 تا ستمبر 2014

جماعت اسلامی ہند، حلقہ مہاراشٹر



# اور قافلہ بڑھتا گیا

**یکم جولائی 2014 تا 30 ستمبر 2014 کے درمیان درج ذیل افراد بحیثیت رکن جماعت تحریک میں شامل ہوئے**

اللہ کی رضاء اور فلاح آخرت کی خاطر جماعت سے وابستگی کا یہ عظیم الشان فیصلہ ہے جہاں یہ فیصلہ عظیم ہے وہیں اس کے تقاضے بھی عظیم ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان تقاضوں کو خوبی کے ساتھ انجام دینے کے لیے ان کی خصوصی نصرت فرمائے۔ آمین

| نمبر شمار | نام | مقام | ضلع |
|---|---|---|---|
| 1 | جناب اطہر عزیز | دفتر حلقہ | دفتر حلقہ |
| 2 | جناب احمد خان | وکھرولی پارک سائٹ | ممبئی |
| 3 | جناب عمر فاروق خان | پمپری چنچوڑ | پونہ |
| 4 | جناب لیاقت عطار | شولاپور | شولاپور |
| 5 | محترمہ عائشہ خانم | مالیگاؤں | ناسک |
| 6 | محترمہ شاہدہ مرتضیٰ | مالیگاؤں | ناسک |
| 7 | جناب شیخ افسر موسیٰ | اورنگ آباد | اورنگ آباد |
| 8 | جناب شیخ ضمیر عبدالرشید | اورنگ آباد | اورنگ آباد |
| 9 | محترمہ ربانی بیگم | اورنگ آباد | اورنگ آباد |
| 19 | محترمہ نفیسہ عبدالخالق | اورنگ آباد | اورنگ آباد |
| 11 | محترمہ فائزہ نوشین | اورنگ آباد | اورنگ آباد |
| 12 | جناب اشفاق عالم | اورنگ آباد | اورنگ آباد |
| 13 | جناب اقبال خان | سلوڑ | اورنگ آباد |
| 14 | جناب شکیل احمد خان | سلوڑ | اورنگ آباد |
| 15 | محترمہ شمیم صالحہ | رنجنی | جالنہ |
| 16 | جناب محمد شفیق | بھوکردن | جالنہ |

| نمبر شمار | نام | مقام | ضلع |
|---|---|---|---|
| 16 | جناب محمد شفیق | بھوکردن | جالنہ |
| 17 | جناب سید عامر علی | بیڑ | بیڑ |
| 18 | جناب شکیب خان | اردھاپور | ناندیڑ |
| 19 | جناب شیخ لقمان | دیول گاؤں راجہ | بلڈانہ |
| 20 | جناب محمد نعیم عبدالقدیر | آکولہ | آکولہ |
| 21 | جناب ڈاکٹر محمد نظر شیخ | آکولہ | آکولہ |
| 22 | جناب کریم الدین | پاتور | آکولہ |
| 23 | جناب عبدالخالق | اچل پور | امراوتی |
| 24 | جناب عبدالحفیظ ابوالحسن | اچل پور | امراوتی |
| 25 | جناب ارشاد احمد ارشد | بدنیرہ | امراوتی |
| 26 | جناب جمیل احمد عبدالرحیم | چکھل درا | امراوتی |
| 27 | جناب شیخ عبدالرؤف | عمرکھیڑ | ایوت محل |
| 28 | جناب محمد عمر خان | ناگپور مغرب | ناگپور |
| 29 | جناب محترمہ عرفانہ کلثوم | ناگپور مغرب | ناگپور |
| 30 | جناب عبدالحکیم ☆☆ | ناگپور مشرق | ناگپور |
| 31 | جناب عبدالقدیر | آشٹی | وردھا |

نوٹ: جناب عبدالحکیم صاحب چھتیس گڑھ سے مہاراشٹر منتقل ہوئے ہیں۔

# نشانِ راہ

سہ ماہی خبرنامہ

## نقش قرطاس


| | | |
|---|---|---|
| تذکیر | مولانا محمد فاروق خان صاحب | 2 |
| قارئین کے احساسات | | 3 |
| عرض حال | شیخ متین (سکریٹری حلقہ) | 4 |
| دعوت | | 7 |
| اسلامی معاشرہ | | 15 |
| ملی مسائل | | 18 |
| ملکی و عالمی مسائل | | 20 |
| خدمت خلق | | 29 |
| تربیت | | 39 |
| تنظیم | | 40 |
| شعبۂ خواتین | | 46 |
| یوتھ ونگ | | 52 |
| چلڈرن سرکل | | 56 |
| رابطہ عامہ | | 58 |
| میڈیا سیل | | 59 |
| ادارہ جات | | 61 |
| ٹرسٹوں کی کارکردگی | | 62 |
| جی.آئی.او. | | 64 |
| ادارہ ادب اسلامی ہند | | 69 |
| MPJ | | 70 |


**سہ ماہی رپورٹ**

جولائی 2014 تا ستمبر 2014

صرف نجی سرکولیشن کے لئے

نشانِ راہ میں اشاعت کیلئے سرگرمیوں کی رپورٹ و فوٹو گرافس

پر ای میل کریں۔ nishaneraah.jihms@gmail.com


## جماعت اسلامی ہند، حلقہ مہاراشٹر

4، حامد بلڈنگ، 96، ایچ.اے.بی.مارگ، مومن پورہ، ممبئی 400011

فون نمبر: 022-23082820 ، فیکس: 022 - 23052002

jihmaharashtra.org

office@jihmaharashtra.org

# تذکیر

## قوم کا سردار

مولانا محمد فاروق خان صاحب (دہلی)

**عَنْ سَهْلِ بنِ سَعْدٍؓ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ سَيِّدُ الْقَوْمِ فِي السَّفَرِ خَادِمُهُمْ . فَمَنْ سَبَقَهُمْ بِخِدْمَةٍ لَمْ يَسْبَقُوْهُ بِعَمَلٍ اِلَّا الشَّهَادَةَ .** (بیہقی فی شعب الایمان)

حضرت سہل بن سعدؓ سے روایت ہے کہ رسول خدا ﷺ نے فرمایا: ''قوم کا سردار لوگوں کا خادم ہوتا ہے۔ پس جو شخص خدمت کر کے ان پر سبقت لے جائے اس سے کوئی شخص کسی بھی عمل کے ذریعہ سے بازی نہیں لے جاسکتا اِلّا یہ کہ شہادت کا رُتبہ۔

یعنی سردار اصل میں لوگوں سے خدمت لینے کے لیے نہیں بلکہ لوگوں کی خدمت کرنے کے لیے ہوتا ہے۔ اس کو بڑائی اور بزرگی لوگوں کی خدمت کی وجہ سے حاصل ہوتی ہے۔ سردار یا سربراہ قوم کا فرض ہے کہ وہ لوگوں کی ضرورتوں کو سمجھے اور ان کے لیے آسانیاں بہم پہنچانے کی کوشش کرے۔ قوم میں جو لوگ بے سہارا اور مجبور اور کمزور ہوں ان کی مدد اور دستگیری کرے۔ سفر میں چونکہ زیادہ پریشانیوں اور دشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے اس لیے سفر کا ذکر فرمایا گیا۔ سفر میں سردار کی ذمہ داری اور بھی بڑھ جاتی ہے۔

بعض اہلِ علم نے اس حدیث کا مطلب یہ سمجھا ہے کہ حقیقت میں سید قوم وہ ہے جو قوم کی خدمت کرتا ہو خواہ بظاہر مُعزز لوگوں میں اس کا شمار نہ ہوتا جیسا کہ **فَمَنْ سَبَقَهُمْ بِخِدْمَةٍ** ''پس جو خدمت کی بنا پر لوگوں پر سبقت لے جائے''، سے معلوم ہوتا ہے کہ کوئی بھی عمل خدمت سے بڑھ کر نہیں ہوسکتا۔

حاجت روائی، مدد اور کارسازی صفتِ خداوندی ہے۔ اس لیے خدمت خلق کو خوئے ربّانی سے ایک طرح کی مشابہت حاصل ہے اس لیے اس کی فضیلت ایک واضح حقیقت ہے۔ البتہ شہید چونکہ راہِ خدا میں حق و انصاف کے لیے اپنی جان ہی نہیں کھپاتا بلکہ اپنی جان قربان کر دیتا ہے۔ اس لیے اس کے مقامِ بلند سے کسی کو انکار نہیں ہوسکتا۔

# قارئین کے احساسات

محترم شیخ متین صاحب
23/ستمبر 2014
سکریٹری، جماعت اسلامی ہند حلقہ مہاراشٹر

السلام علیکم ورحمة الله وبركاتهٗ

''نشانِ راہ'' اپریل تا جون 2014 پڑھا۔ تذکیر میں ''قبر کا انتباہ'' مولانا عبدالرشید عثمانی مرحوم کی تحریر مؤثر ہے۔ کئی بار مرحوم کا درسِ قرآن اور درسِ حدیث سُننے کو ملا۔ سامعین متاثر ہوئے بغیر نہ رہتے۔ خطابِ عام میں اپنی تقریر کا اختتام سورۂ الغاشیہ، سورۂ الزلزال اور سورۂ التکاثر جیسی چھوٹی سورتوں پر کرتے۔ سامعین پُرنم آنکھوں سے نشستیں خالی کرتے۔ اللہ تعالیٰ جنت میں ان کے درجوں کو بلند کرے۔ آمین

عرضِ حال میں ''رفاقت جو بچھڑ گئی'' کے تحت آپ کے تاثرات پڑھے۔ جب کبھی جماعت اسلامی ہند کا تعارف یا رپورٹ پیش کرنے کا موقعہ آتا ہے آپ پوری دل جمی کے ساتھ ہر مرتبہ نئے جوش اور نئے انداز میں پیش کرتے ہیں۔ کم از کم ایک درجن مرتبہ تو میں خود سن چکا ہوں۔ اب کی بار مرحومین کے ذکر میں دنیا کی بے ثباتی اور آخرت کے تصور کے ساتھ جماعتِ اسلامی ہند کے دستور کی دفعات کو ''سمونا'' FIT کرنا اور رفقاء کو مقصد کی طرف توجہ دلانا آپ ہی کا حصہ ہے۔ یقیناً رفقاء متوجہ ہوئے ہوں گے۔ مجھے اس تحریر نے بہت متاثر کیا۔

اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر سے نوازے۔ آمین

راقم: سید شبیر علی (مدرس، وظیفہ یاب) باقرپورہ، آکوٹ-444101

''نشانِ راہ'' جماعت اسلامی ہند، حلقۂ مہاراشٹر کا سہ ماہی خبر نامہ ہے، جو گزشتہ دو سالوں سے پابندی سے شائع ہو رہا ہے۔ زیرِ تبصرہ شمارہ اپریل 2014 تا جون 2014 ہے۔ تحریک اسلامی کی ساری جدوجہد کا محرک فلاح آخرت اور رضاء الٰہی کا حصول ہے اسی مناسبت سے سرورق کے لئے صحیح مسلم سے ایک حدیث اخذ کی گئی ہے۔

ورق پلٹتے ہی '' اور قافلہ بڑھتا گیا'' کالم کے تحت اقامتِ دین کے لئے رہروانِ شوق کی تعداد میں مسلسل اضافہ کا پتہ چلتا ہے۔ ''نقشِ قرطاس'' پر نظر ڈالتے ہی ان سارے محاذوں کا نقشہ ابھر کر سامنے آتا ہے، جن پر تحریکِ اسلامی پوری قوت کے ساتھ سر گرمِ عمل ہے۔ تذکیر کے کالم سے جہاں مسافرت کے گھر، تنہائی کے گھر، مٹی کے گھر، کیڑے مکوڑوں کے گھر یعنی قبر آخرت کی پہلی منزل سے دل لرز جاتا ہے، وہیں ''عرض حال'' پڑھنے سے بے ساختہ یہ شعر زبان پر آجاتا ہے کہ ؎

موت سے کس کو رستگاری ہے　　آج وہ، کل ہماری باری ہے

آگے کے کالموں سے ہر محاذ پر تحریک اسلامی کی کوششوں، اس کے اثرات اور پیش رفت کا اظہار ہوتا ہے۔ ہر کالم کے تحت اعداد و شمار کے ساتھ ساتھ بیانیہ رپورٹس کا بھی اہتمام ہے۔ مطالعہ سے اندازہ ہوتا ہے کہ اس پیش رفت میں انتہائی توازن بھی ہے اور ہر محاذ پر ذمہ داران کی توجہ بھی۔

اللہ سے دعا ہے کہ تحریک اسلامی کی قوت و طاقت میں اضافہ فرمائے اور ان کوششوں سے وہ راضی ہو جائے۔ (آمین)

محمد نصیر اصلاحی
ناظم جماعت اسلامی ہند، علاقۂ کوکن


ARHAM HOSPITAL
Treatment With True Spirit

## خاتون ڈاکٹر کی ضرورت ہے

الفلاح سوشل اینڈ ویلفیئر سوسائٹی، ناندیڑ مہاراشٹر کے زیرِ انصرام

## '' ارحم ہاسپٹل میٹرنیٹی اینڈ سرجیکل ہوم ''

کے لئے قابل اور تجربہ کار خاتون ڈاکٹر **Gynocologist / DGO / MD. / DNB** کی ضرورت ہے۔

تحریکی گھرانے کی خاتون ڈاکٹرس کو ترجیح دی جائے گی۔ اہلیت اور کارکردگی کی مناسبت سے معقول مشاہرہ، رہائش کیلئے فیملی کوارٹر دیا جائے گا۔ خواہش مند خاتون اپنا CV مکمل تفصیلات کے ساتھ درج ذیل پتہ پر E-mail روانہ کریں۔ انٹرویو کے لئے ڈاکٹر کو مع ایک محرم آمدورفت کا خرچ (A./c 3 TIER) دیا جائے گا۔

رابطہ قائم کریں

ڈاکٹر تجمل حسن قادری (ڈائریکٹر)
Cell : 09422188182

ریاض الحسن عامر (C.E.O.)
Cell : 09325920200

E-mail : arhamhospital.ned@gmail.com

# عرضِ حال

## خدمتِ خلق

اسلام ایک ایسا طریقہ زندگی ہے جس میں تمام انسانوں کی بھلائی و کامرانی مضمر ہے۔ اسلام نام ہے حقوق اللہ اور حقوق العباد کا۔ اسلام اپنے ماننے والوں سے یہ مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اپنے پیدا کرنے والے خالق کی بے چوں و چرا بندگی کرے اور اُس کی مخلوقات کے ساتھ اچھا برتاؤ، احسان کا معاملہ اور اُس کی خدمت کا فریضہ بھی انجام دے۔ اس لیے کہ تمام مخلوق خالق کائنات کا کنبہ ہے۔ محسنِ انسانیت ﷺ نے ارشاد فرمایا ''ساری مخلوق اللہ کا کنبہ ہے۔ اللہ کو وہ شخص بہت محبوب ہے جو اس کے کنبے کے ساتھ حسن سلوک کرے'' (بیہقی)۔ گویا مخلوق کی خدمت اللہ کی رضاء و محبت حاصل کرنے کا ایک بڑا ذریعہ ہے۔ مخلوقات میں چرند، پرند، حیوان و انسان، کافر، مشرک اور مسلمان سب ہی شامل ہیں۔ خالق کائنات نے اپنی مشیت و حکمت کے تحت مخلوقات میں سے بعض کو محروم رکھا اور بعض کو خوب عطاء کیا۔ نیز ایک کو دوسرے کا تابع کر دیا۔ اسلام چاہتا ہے کہ محروم و مجبور کی مدد و خدمت کی جائے۔

**رب کائنات فرماتا ہے:**

☆ ''لوگ پوچھتے ہیں ہم کیا خرچ کریں؟ جواب دو کہ جو مال بھی تم خرچ کرو اپنے والدین پر، رشتہ داروں پر، یتیموں اور مسکینوں پر اور مسافروں پر خرچ کرو اور جو بھلائی بھی کرو گے اللہ اس سے باخبر ہے۔'' (البقرہ 215)

☆ ''ان کے مالوں میں سائل اور محروم کا ایک مقرر حق ہے۔'' (المعارج 25)

☆ ''کیا ہم نے اس کو دو آنکھیں اور ایک زبان اور دو ہونٹ نہیں دیئے اور اس کو حق و باطل کی دونوں راہیں نہیں دکھادیں؟ لیکن وہ گھاٹی پر نہیں چڑھا؟ تم جانتے ہو یہ گھاٹی کیا ہے؟ گردن کا چھڑانا یا فقر و فاقہ کے دن کھانا کھلانا، قرابت والے یتیم کو یا بدحال مسکین ہو۔۔۔۔'' (البلد 8 تا 14)

☆ ''نماز قائم کریں اور زکوٰۃ دیں یہی مضبوط دین ہے۔'' (البینۃ:5) (نماز اللہ کا اور زکوٰۃ بندوں کا حق ہے)

**محسن انسانیت حضرت محمد ﷺ کا ارشاد ہے:**

☆ ''بیواؤں اور مسکینوں کے لیے سعی و جہد کرنے والا، اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے یا رات میں قیام کرنے والے، دن میں روزے رکھنے کے مانند ہے۔'' (بخاری)

☆ کوئی شخص دو آدمیوں کے درمیان انصاف کردے وہ بھی صدقہ ہے، کسی کو جانور پر سوا ہونے میں مدد کرنا بھی صدقہ ہے، سواری پر سامان رکھ دینا، زبان سے اچھی بات کرنا، راستہ سے تکلیف دہ چیز اٹھانا، راستہ دکھانا، پانی بھر کر دینا یہ سب صدقات ہیں۔ ان میں ہر ایک پر تمہیں ثواب ملے گا۔'' (مسلم ترمذی)

☆ ''یتیم کی کفالت کرنے والا چاہے وہ اس کا رشتہ دار ہو یا کسی دوسرے کا۔ میں اور وہ جنت میں ان دو انگلیوں کی طرح قریب ہوں گے۔'' (مسلم)

☆ ''مسلمانوں کے گھروں میں بہترین گھر وہ ہے جس میں کسی یتیم سے نیک سلوک ہو رہا ہو اور بدترین گھر وہ ہے جس میں کسی یتیم سے بُرا سلوک ہو رہا ہو۔'' (راوی حضرت ابوہریرہؓ -- بخاری)

☆ 'مسلمان جو پودا لگاتا یا کھیتی کرتا ہے اس سے پرندے، انسان یا جانور کچھ کھاتے ہیں تو یہ اُس کی طرف سے صدقہ ہے۔'' (بخاری)

☆ ''اللہ تعالیٰ اُس شخص پر رحم نہیں فرماتا جو انسانوں پر رحم نہیں کرتا۔'' (حضرت جریر بن عبداللہؓ -- بخاری مسلم)

☆ ''میں نے ایک شخص کو جنت میں چلتے پھرتے دیکھا (جس کا خاص عمل یہ تھا کہ) اس نے راستے سے ایک ایسا پیڑ کاٹ دیا تھا جو لوگوں کو تکلیف دے رہا تھا۔'' (مشکوٰۃ، کتابُ الزکوٰۃ، باب فضل الصدقہ۔ بحوالہ مُسلم۔ حضرت ابوہریرہؓ)

☆ ''ایک شخص نے راستہ گزرتے دیکھا کہ راستے کے بیچ میں ایک بڑی شاخ پڑی ہوئی ہے۔ اس نے یہ سوچ کر کہ اس سے مسلمان کو تکلیف نہ پہنچے، اسے وہاں سے ہٹا دیا (اللہ تعالیٰ کو اس کا یہ کام پسند آیا، کہ اس کے عوض) اس نے اسے جنت میں داخل کر دیا۔'' (مشکوۃ، کتاب الزکوۃ، باب فضل الصدقہ۔ بحوالہ بخاری و مسلم۔ حضرت ابوہریرہؓ)

☆ ''قیامت کے دن اللہ تعالیٰ انسان سے کہے گا: اے ابن آدم! میں بیمار پڑا رہا لیکن تو نے میری عیادت نہیں کی۔ انسان گھبرا کر عرض کرے گا: اے میرے رب! تو سارے جہانوں کا پروردگار، تو کب بیمار تھا اور میں تیری عیادت کیسے کرتا؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: کیا تجھے نہیں معلوم تھا کہ میرا فلاں بندہ بیمار تھا اس کے باوجود تو اس کی تیمارداری کے لیے نہیں گیا۔ اگر تو اس کے پاس جاتا تو مجھے وہاں پاتا۔ پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اے ابن آدم! میں نے تجھ سے کھانا مانگا لیکن تو نے مجھے کھانا نہیں دیا۔ انسان عرض کرے گا: اے رب العالمین! تو کب بھوکا تھا اور میں تجھے کیسے کھانا کھلاتا؟ اللہ فرمائے گا: کیا تجھے یاد نہیں کہ میرے فلاں بندے نے تجھ سے کھانا طلب کیا تھا لیکن تو نے اسے کھانا نہیں کھلایا۔ اگر تو نے اس کا سوال پورا کیا ہوتا تو آج اس کا ثواب یہاں پاتا۔ اسی طرح رب العالمین فرمائے گا: اے ابن آدم! میں نے تجھ سے پانی مانگا تھا لیکن تو نے مجھے پانی نہیں پلایا۔ انسان عرض کرے گا: اے دو جہاں کے پروردگار! تو کب پیاسا تھا اور میں تجھے پانی کیسے پلاتا؟ فرمایا جائے گا: میرے فلاں بندے نے تجھ سے پانی طلب کیا تھا لیکن تو نے اس کی پیاس بجھانے سے انکار کر دیا تھا۔ اگر تو نے اس کی پیاس بجھائی ہوتی تو آج اس کا ثواب پاتا۔'' (مسلم، کتاب البر والصلۃ)

درج بالا آیاتِ قرآنی اور احادیث رسول ﷺ سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ اسلام نے انسانوں کی خدمت اور ان کے ساتھ حسن سلوک کو بڑی اہمیت دی ہے۔ اس نے مخلوق کی خدمت کو خالق کی خدمت سے تعبیر کیا ہے۔ اس نے کہا خدا کے بندوں کی مدد کرنا حقیقت میں خدا کی مدد کرنا ہے۔ ان کے کام آنا خدا کے کام آنا ہے۔ اگر ہمارے سامنے خدا کا کوئی بندہ ہاتھ پھیلائے اور ہم اس کا ہاتھ خالی لوٹا دیں تو گویا ہم نے خدا کے ہاتھ کو خالی لوٹا دیا۔ کوئی مریض ہماری مدد کا محتاج ہو اور ہم نے اس کی مدد سے انکار کیا تو گویا خدا کی مدد سے انکار کیا۔ خدا کو خوش کرنے کے لیے ضروری ہے کہ اس کے بندوں کو خوش کیا جائے اور ان کو راحت پہنچائی جائے۔ آسمان والا اپنی رحمتیں اسی وقت نازل کرتا ہے جب کہ زمین والوں پر رحمت و شفقت کا سلوک کیا جائے۔

اسلام میں کسی فرق و امتیاز کے بغیر خدا کی ساری مخلوق کے ساتھ حسن سلوک کی تعلیم دی گئی ہے اور مسکینوں، بیواؤں، یتیموں، مصیبت زدہ انسانوں، بیماروں، غلاموں اور قیدیوں کی خدمت کے لیے کسی قسم کی شرط نہیں لگائی گئی ہے۔ یہ اس بات کا سب سے بڑا ثبوت ہے کہ جو بھی شخص ہماری ہمدردی اور مدد کا محتاج ہے اس کی مدد کی جانی چاہیے۔ اس معاملہ میں اپنے اور پرائے، شناسا اور اجنبی، ہم مذہب اور دوسرے مذہب والے کے درمیان فرق کرنا اور کسی کو خدمت کا مستحق سمجھنا اور کسی کو مستحق نہ سمجھنا اسلام کے مزاج اور اس کی ہدایت کے سراسر خلاف ہے۔

اسلام میں عبادات کا جو نظام ہے وہ فطرت و حکمت پر مبنی ہے۔ عبادات بدنی بھی ہوتی ہے اور مالی بھی۔ مالی عبادات بعض اوقات بدنی عبادت کا بدل بن جاتی ہے اور بدنی عبادت میں جو کمی رہ جائے اس کی بھی تلافی ہوتی ہے، اہم بات یہ ہے کہ یہ تلافی انسانوں کی ضرورت پوری کر کے یا اُن کی خدمت کر کے کی جاتی ہے۔ مثلاً

☆ ''جو لوگ روزہ کی طاقت رکھتے ہیں اور روزہ نہیں رکھتے ان کا فدیہ یہ ہے کہ مسکین کو کھانا کھلائیں'' (البقرہ 184)۔

☆ ''جو لوگ اپنی بیویوں سے ظہار کریں اور پھر اپنی اس بات سے رجوع کرنا چاہیں جو انہوں نے کہا تھا تو انہیں ہاتھ لگانے سے پہلے ایک غلام آزاد کرنا ہوگا'' (مجادلہ 2)۔

☆ ''قسم کا کفارہ ہے دس مسکینوں کو کھانا کھلانا یا ان کو کپڑا پہنانا یا ایک غلام آزاد کرنا'' (المائدہ 89)۔

خدمتِ خلق اہلِ ایمان کا شیوہ اور اسلام کی تبلیغ و دعوت کا ایک لازمی جز ہے اور ربِ کریم کے حضور اس کا اجر اس کی خصوصی رحمت کی بنا پر حد و شمار سے زیادہ ہے۔ اس لیے ایسے مواقع کو ہاتھ سے نہیں جانے دینا چاہیے، جن میں حقوق العباد کی ادائیگی کے ذریعے، ہم معاشرے میں بھلائی اور نیکی پھیلانے کا کام صداقت اور دل کی یکسوئی کے ساتھ کر سکیں۔ عام انسانوں کی خیر خواہی یہی ہے کہ ان کے معاشی، معاشرتی اور سیاسی حقوق کے حصول میں ان کی مدد کی جائے۔ ان کے مسائل کو قرآن و سنت کی روشنی میں حل کیا جائے اور رحم و شفقت کے رویے کے ساتھ ہر مصیبت زدہ کو مصیبت سے نجات دلانے میں اپنی تمام قوت صرف کر دی جائے۔

جماعت اسلامی ہند کی پالیسی میں یہ بات شامل ہے کہ ''خلق خدا کی خدمت ایک اہم دینی فریضہ ہے۔ جماعت اسلامی ہند غربت، مرض و جہالت اور فقر و فاقہ کے ازالے کے لیے حتی الوسع جدوجہد کرے گی، مریضوں، معذوروں، حاجت مندوں، یتیموں، بیواؤں کو سہارا دینے اور مصیبت زدہ لوگوں و مظلوموں کو بلا امتیاز مذہب و ملت حسب استطاعت امداد بہم پہنچانے کا اہتمام کرے گی اور ملت کو بھی اس کام کے لیے آمادہ کرے گی۔ کوشش کی جائے گی کہ ان اجتماعی کاوشوں کے علاوہ انفرادی طور پر بھی وابستگان جماعت اور افراد ملت میں خدمت خلق کا جذبہ فروغ پائے۔''

جماعت اپنے قیام ہی سے خدمت خلق کی طرف متوجہ ہے۔ جماعت اسلامی ہند اس وقت ریاست مہاراشٹر اور پورے ملک میں :

- ☆ یتیم خانے ویتیموں کی کفالت
- ☆ بیواؤں اور معذوروں کو ماہانہ وظائف وراشن فراہمی
- ☆ ارضی وسماوی آفات سے متاثرین کی مدد
- ☆ سیلاب، زلزلے، خشک سالی، آتشزدگی وغیرہ کے موقعوں پر ریلیف ورک وباز آبادکاری
- ☆ فسادات کے متاثرین ومظلوموں کی دادرسی
- ☆ بلاسودی قرض کیلئے سوسائٹیوں کا قیام
- ☆ دواخانے وڈسپنسریز
- ☆ خواتین کے میٹرنٹی ہاسپٹل
- ☆ ایمبولینس
- ☆ بے روزگاروں کے لیے روزگار فراہمی
- ☆ حکومتی اسکیمات سے واقفیت وطریقۂ استفادہ کے لیے رہنمائی ورکشاپس
- ☆ خواتین کے طبی مسائل سے متعلق میڈیکل کیمپ
- ☆ زکوٰۃ کا اجتماعی نظم اور سروے وتحقیق کر کے ضرورتمندوں تک پہونچانا
- ☆ اسکولس وکالجس کا قیام ☆ طلباء وطالبات کے لیے ہاسٹل
- ☆ تعلیمی اسکالرشپ وامداد
- ☆ باہمی تنازعات کو ختم کرنے کے لیے کونسلنگ سینٹرس
- ☆ شراب، تمبا کو اور دیگر خباثتوں کے ازالے کے لیے کوشش
- ☆ گلیوں، محلوں، قبرستانوں کی صفائی
- ☆ مجبور وبے سہارا لڑکیوں کے رشتہ وشادیاں
- ☆ ٹیوب ویل اور سڑکوں کی مرمت
- ☆ غریب خواتین کے لیے گھریلو صنعتیں
- ☆ عازمین حج کے لیے طبی ورہنمائی کیمپ
- ☆ ہنگامی حالات میں امداد کیلئے والنیٹرس کی تیاری
- ☆ میڈیکل گائیڈنس سینٹرس کے ذریعہ مہلک امراض سے متعلق حکومتی اسکیمات سے استفادہ ومکمل رہنمائی کروانا اور حسب ضرورت مالی تعاون
- ☆ طلبہ وطالبات کو پری میٹرک، پوسٹ میٹرک ودیگر اقلیتی اسکالرشپس کی معلومات فراہم کرنا اور حسب ضرورت مالی تعاون
- ☆ ایجوکیشنل کیریئر گائیڈنس سینٹر (ECGC) کے تحت اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طلبہ کی ماہرین تعلیم کے ذریعہ کاؤنسلنگ
- ☆ مستحق افراد کو گھروں کی تعمیر ودرستی کیلئے امداد اور متعلقہ حکومتی اسکیمات کی طرف رہنمائی
- ☆ رمضان المبارک میں رمضان راشن کٹ کی تقسیم
- ☆ بلڈ ڈونیشن کیمپس اور بلڈ ڈونرس فورم کے ذریعہ ضرورت مند افراد کو خون فراہم کرنا
- ☆ ضرورتمند مسافروں کی امداد
- ☆ بے جا الزامات میں گرفتار نوجوانوں کے اہل خانہ کا مالی تعاون وقانونی رہنمائی
- ☆ غریب وپسماندہ بستیوں کا انتخاب اور بنیادی ضروریات بہم پہنچانے کے لیے منصوبہ بند کام

جیسی خدمات انجام دے رہی ہے۔ اس کی 74 سالہ خدمات کو چند مضامین یا چند تقاریر میں پیش نہیں کیا جا سکتا۔

''نشانِ راہ'' کے ہر شمارے میں خدمت خلق کے تحت کی جانے والی سہ ماہی سرگرمیوں کا تذکرہ کیا جاتا ہے۔ اس شمارے میں بھی چند سرگرمیوں کا ذکر ہے۔

خلوص وللّٰہیت کے ساتھ خدمت خلق کی جائے تو یقیناً اس سے انفرادی اور اجتماعی بے شمار فوائد ونتائج حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ اس کے نتیجے میں دنیا میں ضرورتمندوں، محتاجوں اور مجبوروں کو جینے کا سہارا ہو جاتا ہے، معاشرہ میں ہمدردی، غمگساری اور باہم رحمت ومودت کا ماحول پروان چڑھتا ہے، دین اسلام سے متعلق غلط فہمیوں کا ازالہ ہوتا ہے، دعوت و تبلیغ کے لیے راہیں کھلتی ہیں اور اس کے قبول عام ہونے کی فضا ہموار ہوتی چلی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ شخصی طور پر طمانیت قلب اور سکون میسر آتا ہے اور سب سے بڑی کامیابی اللہ کی رضا اور آخرت میں جنت کا حصول۔

اپنے لیے تو سب جیتے ہیں اس جہاں میں<br>
ہے زندگی کا مقصد اوروں کے کام آنا

اللہ تعالیٰ برادران ملت اور وابستگان جماعت کو خدمت خلق کے لیے مزید فعال رول ادا کرنے کی توفیق، جذبہ، طاقت اور یکسوئی عطا فرمائے۔ آمین

شیخ متین
(سکریٹری جماعت اسلامی ہند حلقہ مہاراشٹر)

# دعوت

## وطنی بھائیوں تک اللہ کا پیغام پہنچانا جماعت کا مشن

### وابستگان اور مقامی جماعتوں کے ذریعے کی گئی سرگرمیاں:

| سرگرمی | تعداد |
| --- | --- |
| پیغام حق سے کماحقہ واقفیت دی گئی | 2640 افراد |
| خطاب عام، کارنر میٹنگ، قرآن پروچن وغیرہ | 532 پروگرام (استفادہ کنندگان 21388) |
| ہمہ وقتی دعاۃ (دعوت کا کام کرنے والے) | 3 عدد |
| پوسٹل لائبریری (اسلام درشن کیندر) | 01 (استفادہ کنندگان 125) |
| انفرادی و اجتماعی ملاقات | 32988 افراد |
| تقسیم قرآن مجید | 265 |
| غیر مسلم خاندانوں سے ربط | 622 خاندان |
| تقسیم کتب، کتابچے، فولڈرس | 26839 |
| سمپوزیم | 1 عدد (تعداد شرکاء 40) |
| غیر مسلموں کے لیے دعوتی اجتماعات | 88 (استفادہ کنندگان 1282) |

### داعی و مقررین کی تیاری :

مختلف کیمپس کے ذریعہ تیار شدہ داعی و مقررین کی فہرست تیار ہے۔ انشاء اللہ ان حضرات کو جنوری 2015 میں منعقد کی جانے والی مہم کے دوران اور اس سے قبل بھی مختلف مقامات پر روانہ کیا جائے گا۔ ملکاپور، لاتور، جلگاؤں، احمد نگر کے وفود مختلف مقامات پر جا کر دعوتی کام کر رہے ہیں۔ رفقاء کو ساتھ لیکر دعوتی کام کے لئے انہیں تیار کیا جا رہا ہے۔



مرکزی وزیر راؤ صاحب دنوے (بی.جے.پی) کو دعوت پیش کر کے قرآن کا تحفہ دیا گیا۔

### پبلک قرآن پروچن :

طئے شدہ منصوبے کے مطابق 10 رمقامات (احمد نگر، پونہ، پمپری چنچوڑ، ناندیڑ، لاتور، ناگپور، اودگیر، شولاپور، ایوت محل اور آکولہ) پر قرآن پروچن کے پروگرام ہو چکے ہیں، اس سے زائد تقریباً ۲۰ رمقامات پر قرآن پروچن کے پروگرام لئے گئے۔

## آدیواسیوں میں کام :



جناب حبیب خان صاحب تڑوی (فارغ کارکن) پٹھانوں میں اصلاح اور دیگر آدیباسیوں میں دعوت کا کام انجام دے رہے ہیں۔اس مدت کے دوران 19/افراد تک اسلام کا پیغام پہنچایا گیا۔تڑوی بھائیوں کے 39/اجتماعات لئے گئے، اور انہیں اصلاح کی طرف متوجہ کیا گیا۔ 07/مریضوں کوعلاج ومعالجہ کیا گیا۔23/افراد کے انکم سرٹیفکیٹ، راشن کارڈس، موت کے سرٹیفکیٹ، 7/12/ر کے کاغذات اور 08/افراد کے لئے گیس کنیکشن دلوائے گئے۔38/افراد سے ملاقاتیں کی گئیں، روزہ نماز کی تلقین کی گئی۔اصلاح کی کوشش جاری ہے۔68/افراد سے روابط ہیں۔4/فیملی اجتماعات لئے گئے۔نماز جنازہ میں شرکت کی گئی۔

## نو مسلموں کی تربیت گاہ :

الحمدللہ اورنگ آباد اور ناگپور میں نومسلموں کے 2 تربیت گاہ چل رہے ہیں۔دورانِ مدت اورنگ آباد تربیت گاہ میں 10 اور ناگپور تربیت گاہ میں 6 مرد 2 خواتین 2 بچے اس طرح بحیثیت مجموعی دونوں تربیت گاہ میں 12/نومسلم بھائی زیرتربیت ہیں۔دوران مدت ریاست میں رفقائے جماعت کی کوششوں سے 10/مرد اور 07/خواتین اس طرح 17/افراد مشرف بہ اسلام ہوئے۔

## حلقه کی دعوتی ویب سائٹس:

حلقہ مہاراشٹر کی جانب سے 2 علاحدہ علاحدہ دعوتی ویب سائٹس کارفرما ہیں۔اسلام ویژن انگریزی ویب سائٹ پر 4057 عدد اور اسلام درشن مراٹھی ویب سائٹ پر 2003 اس طرح بحیثیت مجموعی 6,060/افراد نے وزٹ کی۔یہ ویب سائٹ انگریزی:30351، مراٹھی:4106 صفحات پر مشتمل ہیں۔161 عدد آرٹیکلس اور 189/احادیث اپ لوڈ کیے گئے۔

## مقامی جماعتوں کا جائزہ :

دوران مدت شعبہ دعوت کے ذمہ داران نے درج ذیل 14 مقامات کا دورہ کرکے دعوتی سرگرمیوں کا جائزہ لیا اور ضروری رہنمائی کی۔

☆ چکھلی ☆ بلڈانہ ☆ جامنیر ☆ پاچورہ ☆ جانوری ☆ یاول ☆ بلارشاہ
☆ بھساول ☆ فیض پور ☆ کولہاپور ☆ دھولیہ ☆ میرج ☆ کراڈ ☆ راجورہ

## برادرانِ وطن کی اہم شخصیات سے ملاقات :

دوران مدت برادران وطن کی 15 عدد درج ذیل اہم شخصیت سے ملاقات ہوئیں:

☆ جناب ڈاکٹر ساڑیکھ ساتارہ ☆ جناب ڈاکٹر پوار ☆ بڑاوی DY SP جل گاؤں
☆ جناب راجو ماما بھوڑے، جل گاؤں ☆ جناب اوشا تائی تڑولے، جل گاؤں ☆ جناب سونار، جل گاؤں
☆ جناب ڈی.ٹی چودھری، جل گاؤں ☆ مندا کنی مہاجن، جل گاؤں ☆ جناب پرکاش ملے، جل گاؤں
☆ جناب ڈاکٹر سچیت، بھساول ☆ جناب ڈاکٹر اے.جی بھنگاڑے جل گاؤں ☆ جناب ارون منڈا لکر، بھساول
☆ جناب سنند اونڈھیکر صاحبہ، بھساول ☆ جناب پرنسپل رانے، جل گاؤں ☆ جناب پاٹل، وائس پرنسپل جل گاؤں







ناگپور میں بھارت مکتی مورچہ کے پروگرام میں امیر مقامی ناگپور (مغرب) کا خطاب





میرا روڈ ممبئی پولس تھانے میں دعوتی سرگرمی



جالنہ میں برادران وطن کی معزز شخصیات کے ساتھ امیر حلقہ



اردھاپور میں وطنی بھائیوں سے خیرسگالی ملاقات





بسمت میں مولانا خالد سیف اللہ رحمانی صاحب اور جماعت کا برادران وطن کے لئے مشترکہ پروگرام

## موبائل بک وین :

ان تین مہینوں میں موبائیل بک وین نے ریاست مہاراشٹر کے 61مقامات ناگپور مشرق، ناگپور مغرب، کامپٹی ،کنہان، نرکھیڑ، ولنی سلے واڑہ، امریڑ، گڑھ چرولی، آشٹی ، الاپلی ، بلارشاہ، راجورہ، چندرپور، ماجری، ورورا، ہنگن گھاٹ، وردھا، آشٹی ، رسول آباد، پل گاؤں، دھامن گاؤں، بدنیرہ، جامنیر، ملکاپور، موٹالہ، دھامن گاؤں بڑے، بلڈانہ، دیول گھاٹ، دھاڑ، چکھلی ،مہکر، سلطان پور، لونار، ڈونگاؤں، امڑاپور، کھام گاؤں، پیپل گاؤں راجہ، شے گاؤں، نیم گاؤں، جل گاؤں جامود، ناندورہ، بھساول،فیض پور، راویر، یاول، جل گاؤں خاندیش کا دورہ کیا۔اس دوران -/1,62,088 روپیوں کی کتابیں فروخت ہوئیں۔ الحمدللہ اس کے ذریعہ دیہاتوں اور قریوں میں بھی اسلامی تعلیمات پرمبنی لٹریچر پھیلایا جارہا ہے۔


امبادیوی یاترا (امراوتی) میں دعوتی اسٹال


بلڈانہ میں موبائل بک وین


ریاست کے مختلف مقامات پرموبائل بک وین کے ذریعہ لٹریچر کی فروخت

## افطار پارٹیاں اور عید ملن پروگرامس :

شعبۂ دعوت کے ارکان اور مراٹھی مقررین نے 50سے زائد افطار پارٹیاں 100 سے زائد عیدملن پروگرام میں تقاریر کیں۔اور تقریباً 20,000 تا 25,000 افراد تک اسلام کا پیغام پہنچایا۔اس دوران 200سے زائد مراٹھی ترجمہ قرآن مجید وطنی بھائیوں میں تقسیم کئے گئے۔وطنی بھائیوں کے مختلف اجتماعات میں خطاب کیا گیا۔وطنی بھائیوں کے بااثر افراد سے شعبۂ دعوت کے ذمہ داران نے ملاقاتیں کیں۔اس طرح فوکس گروپ سے بھی ملاقاتیں کی گئیں اور انہیں بھی مراٹھی قرآن مجید اور مراٹھی لٹریچر دیا گیا۔الیکشن مہم کے موقع پرسیکریٹری شعبہ اور دیگر افراد نے تعاون کیا، پریس کانفرنس،خطابات عام، مذاکرے،عمائدین کی نشستیں اور خطبات جمعہ جیسے پروگرام انجام دئے گئے۔



بھانڈوپ (ممبئی) میں وطنی بھائیوں کیلئے مختلف سرگرمیاں



ناسک میں دعوتی سرگرمیاں



دلت NGO's کیلئے دفتر حلقہ میں عیدملن



دعوتی افطار جالنہ میں سینکڑوں برادران وطن کی شرکت




ناندیڑ میں 13 دعوتی افطار پارٹیز و عیدملن





بسمت میں عیدملن کا ایک منظر








جلگاؤں میں سیکریٹری شعبہ دعوت مہاراشٹر کا عیدملن پروگرام سے خطاب



چکل دھارا میں عیدملن




ناگپور مغرب میں عیدملن



امراوتی میں عیدملن




امباجوگائی میں عیدملن کے ذریعہ اسلام کا پیغام




مالیگاؤں میں عیدملن





پوسد میں عیدملن کے ذریعہ توحید رسالت آخرت کا پیغام



جوگیشوری (ممبئی) میں عیدملن




اردھاپور میں عیدملن



کنڑ میں عیدملن




دھولیہ میں عیدملن سے خطاب فرماتے ہوئے سیکریٹری شعبہ دعوت



پمپری چنچوڑ میں عیدملن کے ذریعہ اسلام کی دعوت




دیگلور میں عیدملن




اورنگ آباد میں عیدملن



میرا روڈ ممبئی کے مختلف اداروں میں عیدملن




رنجنی میں دعوتی عیدملن سے خطاب فرماتے ہوئے محترم امیر حلقہ




ناگپور میں عیدملن پروگرام






سینکڑوں برادران وطن کی راجورا کے عیدملن پروگرام میں شرکت




ریاستی وزیر مہاراشٹر ارجون پوٹھکر کو تحفہ قرآن






ناندورا میں عیدملن کا منظر



بھوکردن میں عیدملن



اودگیر عیدملن میں برادران وطن کی شرکت



عمرکھیڑ میں عیدملن




بارسی ٹاکلی میں عیدملن



ناسک میں جماعت اور وکیل وچار منچ کا مشترکہ عیدملن




راہوری میں عیدملن

## ’’دعوتی مہم‘‘ کے تحت مختلف سرگرمیاں:

جنوری 2015 میں منائی جانے والی مہم ’’اسلام سب کے لیے‘‘ کی تیاریوں کا سلسلہ جاری ہے۔اس ضمن میں شعبہ دعوت، میڈیا سیل اور ذمہ داران کے ساتھ نشستیں منعقد کی گئیں۔مہم سے متعلق ایک تفصیلی منصوبہ بنایا گیا اور اس سلسلے میں ایک تفصیلی سرکلر مقامات کو روانہ کیا گیا۔اس کے علاوہ 2 مختلف تواریخ میں 2 مقامات پر علاقائی سطح پر وابستگان جماعت کے لیے دعوتی مہم منصوبہ کی تفہیم کے لیے پہلا اجتماع 27 ستمبر 2014 کو جل گاؤں میں اور دوسرا اجتماع 28 ستمبر 2014 کو اورنگ آباد میں منعقد کیا گیا۔ان دونوں اجتماعات میں کم وبیش 7 اضلاع کے وابستگان نے شرکت کی۔











## دورے اور خطوط وغیرہ:

- سکریٹری شعبہ دعوت نے 89 یوم میں 27 مقامات، ڈاکٹر اکرام خان صاحب نے 15 دن میں 15 مقامات، امتیاز شیخ صاحب نے 07 یوم میں 05 مقامات، محمد عمر کہاڑے صاحب نے 08 یوم میں 08 مقامات، عبدالرحمٰن آکولے صاحب نے 05 یوم میں 05 مقامات، عبدالواجد قادری صاحب نے 05 یوم میں 05 مقامات، عبدالمجیب دیونیکر صاحب نے 03 یوم میں 03 مقامات، ڈاکٹر سید رفیق صاحب نے 15 یوم میں 17 مقامات، حبیب خان صاحب نے 77 یوم میں 55 مقامات۔ نوشاد عثمان صاحب نے 08 یوم میں 08 مقامات۔ اس طرح بحیثیت مجموعی شعبہ کے ذمہ داران نے 232 یوم فارغ کیے اور 150 مقامات کا دورہ کیا۔
- دوران مدت شعبہ کی جانب سے 03 عدد خطوط ومراسلے اور 08 عدد سرکولر جاری کیے گئے۔



مراٹھا سیوا سنگھ کے ذمہ داران پروشتم کھیڑکر، سوریش پاٹل سے مستقل روابط



بام سیف کے ذمہ داران جماعت کے ریاستی دفتر پر

# اسلامی معاشرہ

مسلمان دین اسلام کے سچے پیرو بن کر ہی سچے داعی بن سکتے ہیں

## وابستگان اور مقامی جماعتوں کے ذریعے کی گئی سرگرمیاں:

- اسلام کی عائلی تعلیمات سے کماحقہٗ واقفیت — 4995 افراد
- تقسیم قرآن مجید / تقسیم کتب، کتابچے، فولڈرس — 53 / 44637
- انفرادی واجتماعی ملاقات — 47978
- دارالمطالعے/ لائبریریاں — 40 — استفادہ کنندگان 5220
- عوامی پروگرام (کارنر میٹنگ، خطاب عام، ہفتہ واری اجتماع وغیرہ) — 2826 — استفادہ کنندگان 59134
- اسٹڈی سرکل — 16 — استفادہ کنندگان 204
- خطباتِ جمعہ ونکاح — 926 — استفادہ کنندگان 117775
- علماء وائمہ کرام سے ملاقاتیں — 66
- نوجوانوں کے خصوصی پروگرام — 29 — استفادہ کنندگان 4225
- ہفتہ واری اجتماعات — 2666 — استفادہ کنندگان 46951

### جماعتی وفود:

دوران مدت پورے حلقہ میں مختلف مقامات سے مجموعی طور پر 55 عدد جماعتی وفود نکالے گئے۔ وفود نے **(A)** برادران وطن میں دعوت دین سے متعلق 2150 عدد ملاقاتیں، 312 کارنر میٹنگ، 57/اہم شخصیات سے ملاقاتیں، 1730 لٹریچر کی تقسیم، 2 مراٹھی اسکولوں کا دورہ کیا۔ **(B)** برادرانِ ملت میں اصلاح کے سلسلے میں 4720 عدد ملاقاتیں، 216 عدد ائمہ مساجد سے ملاقاتیں، 720 لٹریچر، 15 قرآن مجید، 133 علماءِ کرام سے ملاقات، 216/ائمہ مساجد سے ملاقات، 517 کارنر میٹنگ، 122 عیادت، 17 صحافی حضرات سے ملاقات، روزگار سے متعلق نوجوانوں کے 12 پروگرام، اُردو تعلیمی اداروں میں 3 پروگرام، 27/اہم ملی شخصیات سے ملاقات اور 2/اسپتالوں کا دورہ کرکے خدمت کا کام کیا گیا۔



معاون امیر حلقہ کا جعفر نگر عیدگاہ (ناگپور) پر خطاب



میرا روڈ ممبئی میں علماء کی نشست سے امیر حلقہ کا خطاب






ممبرا میں عازمین حج کیلئے تربیتی کیمپ

## قادیانیت وارتداد کے ازالے سے متعلق سرگرمیاں:

ریاست کے ضلع عثمان آباد میں قادیانیت کے اثرات محسوس کیے گئے چنانچہ اس ضمن میں جناب اشرف صاحب اور جناب سمیع صاحب (SIO) اور ناصر خان صاحب سے ربط قائم کیا گیا اور موجودہ حالت و کیفیت کو سمجھنے کی کوشش کی گئی۔



فیض پور میں تلاش شب قدر کا اہتمام




امراوتی میں عازمین حج کیلئے تربیتی کیمپ

## شعبہ اسلامی معاشرہ وملی مسائل کے تحت کی گئی سرگرمیاں:

- جامعہ دارالاسلام جالنہ کے جائزہ کے سلسلے میں مختلف ذمہ داران کے دورے کرائے گئے۔
- مرکز جماعت میں منعقد ہوئے علماء وفارغین مدارس کے کیمپ میں شریک کروانے کے لیے ریاست کے مختلف مقامات سے ربط قائم کیا گیا۔

### مقامی جماعتوں کا جائزہ :

دورانِ مدت شعبہ اسلامی معاشرہ وملی مسائل کے ذمہ داران نے کراڈ اور کولہاپور کا دورہ کر کے جائزہ لیا۔




ریاست کے مختلف مقامات پر یوم بدر کا اہتمام




ریاست کے درجنوں مقامات پر تلاش شب قدر




### دورے اور فراغت ایام:

- دورانِ مدت سکریٹری شعبہ جناب عبدالقدیر صاحب نے 3 مقامات کے دورے کرتے ہوئے 4 یوم فارغ کیے۔ جناب مولانا الیاس فلاحی صاحب (معاون سکریٹری شعبہ) نے 11 مقامات کے دورے کرتے ہوئے 10 یوم فارغ کیے اور رکن شعبہ مولانا مفتی کلیم رحمانی صاحب نے 7 یوم میں 7 مقامات کا دورہ کیا۔ اس طرح شعبہ کے ذمہ داران نے کل 21 یوم فارغ کر کے 21 مقامات کا دورہ کیا۔
- دورانِ مدت شعبہ کی جانب سے 2 عدد سرکلر جاری کیے گئے۔

# ملی مسائل

ملی مسائل کی یکسوئی جماعت کی جدوجہد کا اہم باب

## ملی مسائل کے حل کے لیے کی گئی سرگرمیاں:

- بے روزگاروں کو روزگار: 86
- مقامی جماعتوں کے تحت زکوٰۃ کا اجتماعی نظم: 93
- جماعت کی کوششوں سے ملت میں زکوٰۃ کا اجتماعی نظم: 12 مقامات
- ملی ایشوز پر خطابات عام: 7 — استفادہ کنندگان: 1056
- ملی ایشوز پر پریس کانفرنس: 2 — شریک میڈیا افراد: 30
- ملی ایشوز پر پریس ریلیز: 13
- دارالقضاء وتصفیہ کمیٹیاں: 7 — استفادہ کنندگان: 116

# اوقاف سیل

- اورنگ آباد شہر میں موجود اوقاف کی انتہائی قیمتی اراضی کا مقدمہ الحمدللہ اوقاف سیل جماعت اسلامی ہند مہاراشٹر نے ہائی کورٹ میں جیت لیا ہے۔ جسے فریق مخالف نے سپریم کورٹ میں چیلنج کیا۔ الحمدللہ اوقاف سیل نے حلقہ اور مرکز کی رہنمائی وتعاون سے سپریم کورٹ میں حاضری درج کروائی ہے۔ مقدمہ کی تین سماعتیں ہوچکی ہیں۔ اراضی کی موجودہ قیمت 100 کروڑ سے زائد ہے۔ مختلف مقامات کو مساجد کے رجسٹریشن سے متعلق رہنمائی کی گئی اور وقف افسران سے بذریعہ فون گفتگو کی گئی۔
- جالنہ نگر پریشد سے R.T.I. کے ذریعہ انعامی آراضی کی تفصیلات حاصل کی گئی تھی جس میں بڑے پیمانے پر خرد برد اور کرپشن سامنے آیا۔ اس سے متعلق وقف بورڈ کو ہائی کورٹ کے وکیل ایڈوکیٹ مجاہد فاروقی صاحب کے ذریعہ دو ماہ کی قانونی نوٹس جاری کی گئی جس کی مدت 19 رنومبر کو ختم ہوئی لیکن چونکہ اس غیر قانونی کاروبار میں بورڈ بھی شامل ہے اس لیے کوئی جواب نہیں آیا۔ ٹریبونل میں مقدمہ درج کروانے کی تیاری کی جارہی ہے۔

اوقاف اراضی سے متعلق جو مقدمات ٹریبونل میں زیر سماعت ہیں ان میں (10-1) پارٹی بننے کی کوشش کی جارہی ہے قانونی رہنمائی کے لیے یہ فائلیں ایڈوکیٹ مجاہد فاروقی صاحب کو دی گئی۔

# تعلیم :

- اساتذہ کے تربیتی کیمپس:

ریاستی سطح پر اساتذہ کا تربیتی کیمپ مالیگاؤں میں منعقد کرنا طے تھا لیکن بوجوہ نہ ہوسکا۔ انشاء اللہ دیوالی کی تعطیلات میں منعقد کیا جائے گا۔ AIITA کی جانب سے ناگپور میں اس سلسلے میں ایک پروگرام رکھا گیا جس میں تقریباً 80/اساتذہ نے شرکت کی۔

- ایجوکیشنل کریئر گائیڈینس سینٹر کے تحت انجام دی گئی سرگرمیاں:

ماہِ جولائی اور اگست 2014 کے درمیان کیریئر گائیڈینس اور کونسلنگ سے طلباء مستفید ہوئے اس مرتبہ بھی تقریباً -/15,000 طلبہ نے استفادہ کیا۔ SIO اور AIITA وغیرہ کا تعاون حاصل رہا۔

- کاسٹ سرٹیفکیٹ ایشو: حکومت مہاراشٹر نے مسلمانوں کے لیے 5% ریزرویشن کا اعلان کیا ہے اس سے استفادہ کے سلسلے میں شعبہ تعلیم نے انجینئرنگ اور فارمیسی کے سال دوم میں راست ایڈمیشن کے لیے کوششوں کا آغاز کردیا ہے۔ شعبہ کے اراکین نے ماہرین تعلیم اور ماہرین قانون سے ملاقاتیں کیں اور حلقہ آندھرا پردیش کا دورہ بھی کیا۔




- طلباء میں مسابقتی اسپرٹ پیدا کرنے کے لیے مقامی جماعت بسمت نے تقسیم ایوارڈ اور اس تعلق کے دوسرے پروگرام منعقد کیے۔ سکریٹری شعبہ تعلیم نے ان پروگراموں میں شرکت کی اور صدارتی خطبہ دیا۔
- شمس العلوم اُردو پرائمری و ہائی اسکول پوسد میں شعبہ کی جانب سے معائنہ اور سرپرستی و رہنمائی کا کام انجام دیا گیا۔
- CCGP کیریئر کاؤنسلنگ اینڈ گائیڈینس پروگرام جولائی تا نصف اگست 2014 تک رہا جس میں SIO کا پورا تعاون ملا۔ تقریباً 15,00 طلبہ وطالبات نے استفادہ کیا۔
- گورنمنٹ کی طرف سے منعقدہ .D.T.E پروگرام بمقام گورنمنٹ انجینئرنگ کالج اورنگ آباد میں شرکت کی گئی۔
- دوران مدت شعبہ تعلیم کے سکریٹری نے شعبہ کے لیے 10 یوم اور اس شعبہ کے دیگر ذمہ داران نے 03 یوم اس طرح مجموعی طور پر 13/ایام فارغ کیے۔ اس کے علاوہ تعلیم سے متعلق 100 طلبہ کو واٹس اپ کے ذریعہ میسیج دیا گیا۔



شمس العلوم اُردو پرائمری و ہائی اسکول پوسد میں طلباء، اساتذہ وسرپرست حضرات کیلئے مختلف سرگرمیاں






# ملکی و عالمی مسائل

## ملکی و عالمی مسائل کی یکسوئی میں اُمت کی شرکت جماعت کا اہم محاذ

قیام عدل، استعمار کا مقابلہ اور کرپشن کے ازالے کے سلسلے میں اسلامی تعلیمات کے حوالے سے شعبہ ملکی و عالمی مسائل کے تحت درج ذیل سرگرمیاں انجام دی گئیں:

- اخبارات کے ادارتی صفحات پر اثر انداز — 27
- احتجاجی پروگرام — 24 (شرکاء 16215)
- ٹی وی پروگرام میں شرکت — 13
- CDsتقسیم — 14 (استفادہ کنندگان 53480)
- ملکی و عالمی ایشوز پر عوامی پروگرام — 43 (استفادہ کنندگان 6278)
- شہری حقوق کی تنظیموں کی مدد و رہنمائی — 10
- پریس کانفرنس — 11 (شرکاء 204)
- مستحقین کو قانونی مدد و رہنمائی — 101






مہاراشٹر نشہ بندی منڈل کے مورچہ (ممبئی) میں امیر حلقہ وسیکریٹری شعبۂ ملکی و عالمی مسائل کی شرکت

### کرپشن، مہنگائی، شراب کے خلاف بیداری کے سلسلے میں کوششیں:

- شراب، کرپشن اور مہنگائی کے خلاف اسمبلی انتخابات سے قبل جاری کردہ عوامی منشور ی میں مطالبات رکھے گئے
- ''مہاراشٹر کا وکاس نیائے اور سد بھاؤنا کے ساتھ'' دس روزہ مہم میں کرپشن، مہنگائی اور شراب کے خلاف اظہار خیال کیا گیا
- مہاراشٹر کے ''سماجی نیائے و بھاگ منتری'' کے دفتر میں نشہ بندی منڈل کی میٹنگ میں شرکت کی گئی
- نشہ بندی منڈل کی ریلی اور کانفرنس میں حصہ لیا گیا اور بک اسٹال لگایا گیا جس میں 500 مراٹھی 50 ہندی اور 40 اُردو کتابچے ''نشہ بندی اور اسلام'' تقسیم وفروخت ہوئے
- پریس کانفرنس بھی لی گئی۔






مہاراشٹر نشہ بندی منڈل کی میٹنگ منترالیہ میں شرکت

## کسانوں کے مسائل کے حل سے متعلق سرگرمیاں:

- ''کسانوں کے مسائل اور حل'' اس عنوان کے تحت ایک روزہ ورکشاپ اور ایک کانفرنس مورخہ 31 /اگست 2014ء کو ایوت محل میں منعقد کی گئی جس سے 250 کسانوں نے استفادہ کیا۔ اس موقع پر 4 کسانوں کو قرض ادائیگی کے لیے ایک لاکھ ایک ہزار روپے کے چیک ان کے بنکوں کے نام پر دیے گئے۔
- اسمبلی چناؤ منشور میں مطالبات رکھے گئے۔
- ''مہاراشٹر کا وکاس نیائے اور سد بھاؤنا کے ساتھ'' مہم میں ریاست بھر میں اس مسئلے کو issue بنا کر پیش کیا گیا اور اظہار خیال کیا گیا۔
- کسانوں کے مسائل حل کرنے کی کوششوں کے لیے ایک کمیٹی تشکیل دی گئی جس کی ایک میٹنگ بھی ہو چکی ہے۔











کسانوں کو خودکشی سے بچانے کیلئے ایوت محل میں اسلامی تعلیمات کی روشنی میں ریاستی کنونشن اور مالی امداد

## دلتوں کی دلآزاری اور اُن پر ظلم کے خلاف جدوجہد :

اسمبلی چناؤ کے لیے جاری کردہ عوامی منشور میں مطالبات اور ''مہاراشٹر کا وکاس نیائے اور سد بھاؤنا کے ساتھ'' کے دوران پریس کانفرنسوں، جلسوں، سمپوزیموں اور میٹنگوں میں اظہار خیال کیا گیا۔

### فحاشی و عریانیت اور سرمایہ دارانہ استحصال کے خلاف جدوجہد :

دوران مدت مقامی جماعتوں نے فحاشی و عریانیت کے ازالے کے سلسلے میں 98 مختلف پروگرامس منعقد کیے۔

اسمبلی چناؤ کے لیے جاری کردہ عوامی منشور میں مطالبات اور ''مہاراشٹر کا وکاس نیائے اور سد بھاؤنا کے ساتھ'' کے دوران پریس کانفرنسوں، جلسوں، سمپوزیموں اور میٹنگوں میں اظہار خیال کیا گیا۔

### STZ، SEZ، FDI کی مخالفت کے ضمن میں کوششیں:

اسمبلی چناؤ کے لیے جاری کردہ عوامی منشور میں مطالبات رکھے گئے نیز ''مہاراشٹر کا وکاس نیائے اور سد بھاؤنا کے ساتھ'' مہم کے دوران پریس کانفرنسوں، پریس ریلیزوں، جلسوں، سمپوزیموں اور میٹنگوں میں اظہار خیال کیا گیا۔

### ماحولیات سے متعلق اسلامی تعلیمات کا تعارف و شجر کاری :

اس سہ ماہی میں ریاست کے مختلف مقامات پر شجر کاری کی گئی۔ 927 پودے لگائے گئے۔





ریاست کے مختلف مقامات پر شجر کاری

### اسلامک بینکنگ سے متعلق کوششیں:

ممبئی، پونے، اورنگ آباد، کولہاپور اور ناندیڑ شہروں میں اسلامی بینکنگ کے متعلق پروگرام منعقد کرنے کے لیے ذیلی کمیٹی کی میٹنگیں ہوئیں جس میں منصوبہ بندی کی گئی۔ انشاءاللہ اسے روبہ عمل لایا جائے گا۔

### اسمبلی الیکشن سے متعلق سرگرمیاں:

- کمیٹی کی 2 عدد میٹنگیں ہوئیں جن میں منصوبہ بندی کی گئی۔
- اُردو، ہندی، مراٹھی اور انگریزی زبانوں میں عوامی منشور بنایا گیا جس میں 16 مطالبات درج کیے گئے۔
- ایک روزہ تفہیمی ورکشاپ رکھا گیا جس میں دس روزہ مہم ''مہاراشٹر کا وکاس نیائے اور سد بھاؤنا کے ساتھ'' کی تفہیم کرائی گئی اور مقامی منصوبہ بندی بھی کرائی گئی۔
- 12 تا 21 ستمبر 2014 دس روزہ مہم ''مہاراشٹر کا وکاس نیائے اور سد بھاؤنا کے ساتھ'' کا اہتمام کیا گیا۔ ریاست کے 32 اضلاع کے اہم مقامات کے دوروں کے لیے 16 وفود تشکیل دیے گئے جنہوں نے کم و بیش 150 سے زائد مقامات کے دورے کیے۔ اس دوران ہزاروں افراد سے ملاقاتیں کی گئیں۔ ہزاروں کی تعداد میں عوامی منشور تقسیم کیا گیا۔ لاکھوں ہینڈ بل تقسیم کیے گئے۔ اس دوران 16 عدد پریس کانفرنسیں، 26 / عدد جلسے اور سمپوزیم منعقد ہوئے اور 100 سے زائد میٹنگیں عمائدین ملک و ملت کے ساتھ ہوئیں۔

## ریاست کے مختلف مقامات پر ''مہاراشٹر کا وکاس نیائے اور سدبھاؤنا کے ساتھ'' مہم میں انجام دی گئی سرگرمیاں



پوسد میں پریس کانفرنس







ممبئی میں پریس کانفرنس



ناندیڑ میں پریس کانفرنس



رتناگیری میں پریس سے مخاطبت



پونہ میں پریس کانفرنس




ریسوڑ ضلع واشم میں پریس کانفرنس



پربھنی میں پریس کانفرنس




بیڑ میں پریس سے مخاطبت




گڑچیرولی میں خطاب عام



وانی میں مہم کی سرگرمیاں



پمپری چنچوڑ میں مہم کی سرگرمیاں




ممبئی میں سمپوزیم



ایوت محل میں خطاب عام



وکرولی ممبئی میں مختلف سرگرمیاں



ممبئی کے مختلف مقامات پر ٹی پارٹیز



کنڑ میں خطاب عام



ممبرا میں خطاب



فیض پور میں مختلف سرگرمیاں



ہنگولی میں سمپوزیم




وردھا میں مختلف سرگرمیاں



خلدآباد میں خطاب عام



ساتارا میں مختلف سرگرمیاں



ناگپور میں سمپوزیم

◆ سیکولر سیاسی پارٹیوں کو متحد کرنے کی کوششیں کی گئیں۔اس سلسلے میں ایک وفد وزیراعلیٰ مہاراشٹر شری پرتھوی راج چوہان اور جناب ابوعاصم اعظمی سے ملا۔دیگر تنظیموں کے ذمہ داران سے بھی گفتگو کی گئی کہ وہ سیکولر پارٹیوں کے اتحاد کی کوششوں میں شریک ہوں۔ان کوششوں کے نتیجے میں INC اور SP میں ایک کمزور سا اتحاد قائم ہوا جو INC کی مرکزی قیادت اور لوکل مخالفت کی وجہ سے چند روز میں ہی ختم ہو گیا۔

## دیگر سرگرمیاں:

◆ GIO کو دہشت گردی سے جوڑنے کی حکومت/خفیہ ایجنسیوں کی سازش کے خلاف ممبئی ہائی کورٹ میں دائر کیے گئے عزت ہتک دعوے کی شنوائی کا کیس بورڈ پر آیا لیکن شنوائی شروع نہیں ہوسکی۔

اسی سلسلے میں حکومت/خفیہ ایجنسیوں کے خلاف کریمنل کیس دائر کرنے کے لیے ایڈووکیٹ محمود پراچہ کے مشورے پر گزشتہ سہ ماہی میں ''تحریری شکایت'' آگری پاڑہ پولس اسٹیشن میں دی گئی تھی،اس کی نقول صدر جمہوریہ ہند، وزیراعظم، وزیراعلیٰ مہاراشٹر اور خفیہ ایجنسیوں کے ذمہ داران کو بھیجی گئی تھی۔صدر جمہوریہ ہند کی طرف سے اس کا Acknowledgement موصول ہوا اور انہوں نے آئندہ کی کارروائی کے لیے مہاراشٹر کے چیف سکریٹری سے خط و کتابت کرنے کی ہدایت دی۔

◆ پنویل کے چند نوجوانوں کو ISIS سے جوڑنے کی ATS کی کوششوں کی روک تھام کے لیے ان نوجوانوں اور مولانا ندیم صدیقی صاحب صدر جمیعۃ العلماء ہند مہاراشٹر اور ایڈووکیٹ محمود پراچہ صاحب سے الگ الگ 3 عدد میٹنگیں کی گئیں اور ندیم صدیقی صاحب اور دیگر تنظیموں کے ذمہ داران سے اجتماعی احتجاجی جلسہ کرنے کی کوشش کی گئی لیکن کامیابی نہیں مل سکی۔

◆ بلدیاتی اداروں کی اہمیت بتانے اور انتخابات میں جماعتوں کو شریک ہونے پر آمادہ کرنے کے لیے ایک روزہ ورکشاپ بمقام ناندیڑ منعقد ہوا۔

◆ وردھا میں دورے کے موقع پر "Love Jihad" کی BJP کی سازش بے نقاب کرنے کے لیے احتجاجی جلسہ اور میمورنڈم دیے۔

◆ وہاٹس اپ کے اتھیسٹ گروپ کو اسلام کی دعوت دی گئی ان کا ایک خصوصی عید ملن پروگرام دفتر حلقہ میں امیر حلقہ، سکریٹری حلقہ اور سکریٹری شعبہ دعوت کے ساتھ کیا گیا۔19/عدد مراٹھی کتابچے اور 4/عدد مراٹھی ترجمے قرآن ان لوگوں کو دیے گئے۔

◆ مہاراشٹر کی شرعی پنچایتوں پر دائر PIL کا جواب دینے کے لیے ایڈووکیٹ یوسف مچھالہ صاحب نے ممبرا، پونے اور رتنا گیری میں چلائے جانے والی پنچایتوں کی تفصیلات حاصل کرنے کو کہا جو مقامی رفقاء کی مدد سے حاصل کر کے دی گئیں۔نیز PIL کرنے والے شخص کے متعلق معلومات باندرہ، ممبئی کے مقامی رفیق کی مدد سے حاصل کر کے دی گئی۔



مختلف ملکی و عالمی مسائل پر نمائندگی

# عالمی مسائل :

## فلسطین و دیگر عالمی مسائل سے متعلق کوششیں:

- غزہ پر اسرائیلی حملے کی سخت مذمت کی گئی
- دیگر تنظیموں کے ساتھ مل کر احتجاجات کیے گئے
- امریکی، اسرائیلی اور ان کے مددگار ممالک کی اشیاء کا بائیکاٹ کیا گیا
- احتجاجی جلسے کیے گئے
- یوم القدس کا اہتمام کیا گیا
- جلسوں، خطابات جمعہ، پریس ریلیز، پریس کانفرنس اور نمائشوں کا اہتمام کیا گیا
- امریکہ اسرائیل بھارت چھوڑو کے تحت دوسری "بھارت چھوڑو" تحریک کے ذریعے ممبئی کے اگست کرانتی میدان پر مظاہرہ کیا گیا۔
- ISIS کے خلاف علامہ یوسف القرضاوی کے فتوے کو فیس بک اور وہاٹس اپ کے ذریعے عام کیا گیا۔


اسی طرح محترم امیر جماعت اسلامی ہند مولانا جلال الدین عمری صاحب کے بیان کو بھی عام کیا گیا۔




ممبئی کے اگست کرانتی میدان پر مظاہرہ




ممبئی میں یوم القدس کے موقع پر پریس کانفرنس







ممبئی میں مختلف سماجی تنظیموں کے ہمراہ امریکہ و اسرائیل کے خلاف دھرنا






غزہ پر حملہ کے خلاف ممبئی میں کل جماعتی مورچہ و احتجاجی جلوس میں شرکت اور امریکی قونصل سے ملاقات







لاتور میں کل جماعتی احتجاجی ریلی میں امیر حلقہ کی شرکت







اسرائیلی دہشت گردی کے خلاف اکولہ میں جماعت اور دیگر ملی تنظیموں کا احتجاجی دھرنا







پونہ میں اسرائیلی بربریت کے خلاف ملی و وطنی تنظیموں کا مشترکہ احتجاج







ناندیڑ میں کل جماعتی احتجاجی جلسہ وریلی



میرا روڈ ممبئی میں دستخطی مہم



پربھنی میں عوامی احتجاج



ممبئی کے مختلف ریلوے اسٹیشن پر دستخطی مہم






میرج میں امریکی و اسرائیلی اشیاء کے بائیکاٹ کیلئے مہم




امبڑ میں انتظامیہ سے نمائندگی



مدن پورہ، ممبئی میں احتجاج



جالنہ میں نمائندگی



بھوکردن میں نمائندگی

### دورے، میٹنگس وایام فراغت وغیرہ:

- سکریٹری شعبہ ملکی وعالمی مسائل نے دوران مدت 73 یوم میں بیرون ممبئی 17 مقامات کا، جناب ارشد شیخ صاحب (معاون سکریٹری) نے 10 یوم میں 8 مقامات، جناب عبدالحفیظ فاروقی صاحب (کمیٹی ممبر) نے 8 یوم میں 8 مقامات، جناب محمد سراج صاحب (کمیٹی ممبر) نے 4 یوم میں 4 مقامات اور جناب عبدالسلام صاحب (کمیٹی ممبر) نے 2 یوم میں 2 مقامات اس طرح شعبہ کے ذمہ داران اور ممبران نے بحیثیت مجموعی 119 یوم فارغ کیے اور 39 مقامات کا دورے کیا۔
- دورانِ مدت شعبہ کی جانب سے 2 عدد خطوط و مراسلے اور 2 عدد سرکلر جاری کیے گئے اور 1000 میسیج اور SMS بھی بھیجے گئے۔

# خدمت خلق

## غریبوں، ضرورت مندوں اور محتاجوں کی دادرسی اور خدمت جماعت کا امتیازی وصف

### وابستگان اور مقامی جماعتوں کے ذریعے کی گئی سرگرمیاں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| سرکاری وغیر سرکاری اسکیموں سے واقفیت استفادہ کنندگان | 650 | ہنگامی ریلیف | 623 افراد |
| سرکاری وغیر سرکاری اسکیموں سے استفادہ کنندگان | 1693 | یتیموں ومعذوروں کی امداد | 1557 |
| وقتی امداد | 377 افراد | ڈسپنسری/کلینک | 11 (استفادہ کنندگان 8492) |
| مستقل وظائف | 486 افراد | بلڈ ڈونیشن کیمپ | 09 (استفادہ کنندگان 54) |
| مستقل روزگار | 12 افراد | بلاسودی سوسائٹی | 14 (استفادہ کنندگان 1063) |
| طبی امداد | 117 افراد | سلائی سینٹر | 7 (استفادہ کنندگان 76) |
| تعلیمی امداد | 42 افراد | قانونی رہنمائی کیمپ | 2 (استفادہ کنندگان 120) |
| تعمیر مکان میں امداد | 6 خاندان | میٹرنیٹی ہاسپٹل | 1 (استفادہ کنندگان 10) |
| شادی کے موقع پر امداد | 38 افراد | | |

## میڈیکل گائیڈنس سینٹر:

شعبہ کے تحت قائم 4؍میڈیکل گائیڈنس سینٹرس (ممبئی، پونہ، اورنگ آباد، ناگپور) سے اس سہ ماہ میں 996؍مریضوں کی رہنمائی کی گئی۔ 52؍مریضوں کے بائی پاس سرجری، کینسر، کڈنی ٹرانسپلانٹ ودیگر مہلک امراض کے لیے -/37,37,000 روپے حکومتی اسکیمات ودیگر اداروں سے فراہم کرکے مکمل علاج کروایا گیا۔ چاروں مقامات کے متعدد ہاسپیٹلس میں 861؍مریضوں کی عیادت کی گئی۔ دفتر حلقہ سے میڈیکل گائیڈنس سینٹرس کے ذریعہ مریضوں کو بطور فوری طبی امداد -/1,67,592 روپے دیئے گئے۔ 02؍مریضوں کا دوران علاج انتقال ہونے پر انکے مقامات کو بذریعہ ایمبولینس بھجوانے کا نظم کیا گیا۔ اورنگ آباد سینٹر کے ذریعہ 10؍مریضوں کو خون کا عطیہ دلایا گیا اور 16؍مریضوں کے طعام وقیام کا نظم کیا گیا۔ ڈاکٹرس سے ملاقاتیں کی گئیں اور جماعت کا تعارف وسرگرمیوں کی واقفیت دی گئی۔

## تعلیمی امداد:

دفتر حلقہ سے 31 طلباء وطالبات کو -/1,03,822 روپے تعلیمی امداد دی گئی۔

## سہولت مائیکرو فائنانس کی نگرانی میں ''یونٹی'' کی شاخوں کا قیام:



مہاراشٹر حکومت نے کوآپریٹیو کریڈٹ سوسائٹیز کے رجسٹریشن شروع کئے ہیں۔
ضلعی سطح پر سوسائٹیز کے رجسٹریشن کی کوششیں جاری ہیں۔
الحمدللہ اس وقت درج ذیل رجسٹرڈ سوسائٹیز کامیابی سے چلائی جارہی ہیں:

- راحت ناگری سہکاری پت سنستھا، عثمان آباد۔
- الخیر بیت المال ناگری سہکاری پت سنستھا، امباجوگائی۔
- الخیر بیت المال ناگری سہکاری پت سنستھا، اورنگ آباد۔

## اسکالر شپس کیلئے حکومتی سہولتوں کو عام کرنے اور سود کی آمیزش کو ختم کرنے سے متعلق کوششیں:

طلباء وطالبات کو اسکالرشپ سے متعلق Pre-Matric, Post Matric and Merit cum means وحکومتی اسکیمات کی مکمل معلومات فراہم کی گئی۔





کھام گاؤں میں مستحق طلباء کیلئے تعلیمی لوازمات کی تقسیم

## مکانات کی تعمیر و درستی :

مکانات کی تعمیر و درستگی سے متعلق اسکیمات کی تفصیلات دورے کے موقعوں سے دی جارہی ہیں۔ مقامی جماعتیں مستحق افراد کو مکانات کی تعمیر و درستی کیلئے کوشش کررہی ہیں۔ شعبہ کے تحت ایک مستحق فرد کو -/5000 روپے کی مدد کی گئی۔



بھوکردن میں مقروض کسانوں کی امداد



دھامن گاؤں بڑے میں عیدگاہ کی صفائی


## چیریٹیبل ڈسپنسریز :

مہاراشٹر میں 11 / مقامات پر چیریٹیبل ڈسپنسریز قائم ہیں۔ دیگر مقامات پر قیام کے سلسلے میں کوششیں جارہی ہیں۔

- شاہین پالی کلینکس (i- خسرو نگر، ii- نئی آبادی، iii- چوپالا اور iv- فاروق نگر)، ناندیڑ۔
- خدمت دواخانہ، جالنہ۔
- خدمت کلینک، اورنگ آباد۔
- اَلشفاء چیریٹیبل کلینک، ناگپور مغرب
- چیریٹیبل ڈسپنسری، سانتا کروز۔
- ہومیو پیتھک ڈسپنسری، کرلا۔
- چیریٹیبل کلینک، ناسک

### ڈائیگنوسٹک سینٹرس:

- فلاح عام ڈائیگنوسٹک سینٹر، کلیان
- فلاح عام ڈائیگنوسٹک سینٹر، بھیونڈی



## محروسین کے اھل خانہ کو امداد:

بیڑ، ناندیڑ، اورنگ آباد، مالیگاؤں اور پونہ مقامات کے بے جا الزامات میں گرفتار نوجوانوں کے اہل خانہ کو معاشی مسائل و ضروریات کے پیش نظر -/1,80,000 روپے کا مالی تعاون دیا گیا۔



ریاست کے ہزاروں خاندانوں میں عیدالاضحیٰ کے گوشت کی تقسیم



جالنہ میں امیر حلقہ کے ہاتھوں روزگار فراہمی کیلئے آٹو رکشا دیا گیا

## حکومتی اسکیمات سے متعلق معلوماتی و تفہیمی پروگرام:

مرکزی وریاستی حکومت کی اسکیموں سے عوام میں بیداری آئے اور وہ خود بھی مستفید ہوں اور دوسروں کو بھی استفادہ کروائیں۔اس کے لئے بھانڈوپ یونٹ نے محمدی ہائی اسکول میں 21 ستمبر 2014 کو حکومتی اسکیموں کی تفصیلات اوران سے کیسے استفادہ کیا جائے اس پر ایک ورکشاپ کا انعقاد کیا۔اس ورکشاپ میں دومقامی کارپوریٹروں سریش کوپرکر اور سریش ترپاٹھی بھی شریک تھے۔طبی سہولیات سے متعلق اسکیم راجیو گاندھی جیون دائی آروگیہ یوجنا (RGJAY) جننی سرکشا یوجنا(JSY/JSSY) کی تفصیلات انیس احمد صاحب(MPJ) نے دی اورحق تعلیم (RTE) کی معلومات بھی فراہم کی راشن سے متعلق سہولیات جیسے انن سرکشا یوجنا(ASY) انّ پورنا کارڈ،آنگن واڑی کے ذریعہ ملنے والی سہولیات وغیرہ سے متعلق جانکاری ایم پی جے ممبئی کے صدر شبیر دیشمکھ صاحب نے تفصیل سے بتائیں۔بیواؤں،معذوروں،یتیموں ومعمرافراد کے لئے جاری سنجے گاندھی نرادھار یوجنا کی معلومات کمال انصاری صاحب نے لوگوں کوبہم پہنچائیں۔سکریٹری شعبہ نے جماعت کامختصر تعارف وشعبہ خدمت خلق کے تحت کی جانے والی سرگرمیاں پیش کی۔مقامی نگرسیوک نے اپنے خیالات پیش کرتے ہوئے عوام کو یقین دلایا کہ وہ ان سہولیات کی فراہمی میں ان کے ساتھ پوراپورا تعاون کریں گے۔







## دورے، کیمپ و میٹنگس:

- جولائی 2014 (رمضان المبارک) میں شعبہ کیلئے سکریٹری،معاون سکریٹری،MGC انچارج اورشعبہ کمیٹی ممبرس نے ممبئی، بھیونڈی، پونہ، پمپری چنچوڑ، چکھلی آکرڈی،ناسک،اورنگ آباد، بھساول،جلگاؤں،چوپڑا،دھولیہ،مالیگاؤں واکولہ میں فنڈ ریسنگ کی۔






ریاست کے کئی مقامات پر کشمیر سیلاب زدگان کیلئے ریلیف جمع کی گئی





- خصوصی تنظیمی کیمپ وارحم ہاسپٹل ناندیڑ کے افتتاح میں شرکت کی گئی۔
- حکومتی اسکیمات سے متعلق معلوماتی و تفہیمی ورکشاپ بھانڈوپ ممبئی میں شرکت کی گئی۔



## ریاست کے مختلف مقامات پر طبی کیمپ

- علاقہ کوکن کا دورہ کیا گیا: مان گاؤں، داپولی ہرنئی ورتناگری میں مقامی رفقاء کی نشستیں لی گئیں جس میں مقامی منصوبہ و بجٹ برائے خدمت خلق اور اسکے تحت انجام دی گئی سرگرمیوں کا جائزہ لیا گیا مرکز توجہ امور ( Focus Activities ) پر تبادلہء خیال کیا گیا۔ سِول ہاسپٹل میں آروگیہ متر ( Arogya Mitra ) و ڈاکٹرس سے ملاقاتیں، مریضوں کی عیادت، پرائیویٹ ہاسپٹلس میں MD ڈاکٹرس سے تبادلہء خیال، کچھ دیگر رفقاء سے ملاقات برائے تعارف جماعت وغیرہ سرگرمیاں انجام دی گئیں۔





مالن پونہ میں مٹی کے تودے گرنے سے ہوئی تباہی پر جماعت کا ریلیف ورک











ریاست بھر میں جماعت کی جانب سے ہزاروں بیواؤں، یتیموں، معزوروں اور ضرورت مندوں میں ماہ رمضان کا راشن تقسیم کیا گیا













### ایام فراغت و خطوط:

- اس سہ ماہ میں سکریٹری شعبہ خدمت خلق نے دورے، کیمپ دفتر کے لئے 71/ یوم فارغ کیے۔

ممبئی، پونہ، اورنگ آباد اور ناگپور میں قائم میڈیکل گائیڈینس سینٹرس کے 5 ہمہ وقتی فارغ میڈیکل فیلڈ ورکرس نے جملہ 279 یوم مریضوں کی رہنمائی و مدد کے لیے فارغ کیے۔

- دوران مدت شعبہ کی جانب سے 11 عدد خطوط و مراسلے جاری کیے گئے۔

## خدمت دواخانہ۔ جالنہ

- اپریل 2012 میں خدمت دواخانہ قائم ہوا۔
- اب تک 60,000 سے زائد افراد نے استفادہ کیا۔
- جولائی تا ستمبر 2014 میں 5500 مریضوں نے استفادہ کیا۔
- ہر مریض سے صرف -/10 روپے رعایتی فیس لی جاتی ہے۔ دوائیاں بھی دی جاتی ہیں۔
- 2 ڈاکٹرس خدمت انجام دے رہے ہیں۔



## فلاح عام ڈائیگنوسٹک اینڈ میڈیکل سینٹر۔ بھیونڈی

سینٹر کا قیام 2004 میں ہوا۔ رعایتی فیس پر خون، پیشاب و دیگر ٹیسٹ کیے جاتے ہیں۔ ماہانہ 850 مریض استفادہ کرتے ہیں۔ مہلک امراض کے لیے بڑے ہاسپٹل میں ڈاکٹرس سے رابطہ کر کے مستحق افراد کے علاج کروائے جاتے ہیں۔








## الخیر بیت المال، پمپری چنچوڑ، آکورڈی، پونہ

- الخیر بیت المال کی بنیاد 21 نومبر 2007 ڈالی گئی۔ بنیادی ممبران 170 ہیں۔ بنیادی ممبران کے -/70,000 روپے ڈپازٹ ہیں۔
- Loans کی رقم -/20,000 روپے ہے۔
- ہر ماہ تقریباً 4 یا 5 لوگوں کو Loan دیا جاتا ہے۔
- قرض کی وصولی 99% ہے۔

## الشفاءِ چیرٹیبل کلینک ۔ ناگپور مغرب

الشفاء چیرٹیبل کلینک ناگپور مغرب 2012 میں قائم ہوئی۔ مریضوں سے فی کس -/20 روپے رعایتی فیس پر جنرل میڈیسن بھی دی جاتی ہے۔ روزآنہ 12 تا 15 اور ماہانہ اوسط 400 مریض استفادہ کرتے ہیں۔






## فلاحِ عام ڈائیگنوسٹک اینڈ میڈیکل سینٹر۔کلیان


کلیان میں فلاح عام ڈائیگنوسٹک اینڈ میڈیکل سینٹر کا قیام 2004 میں ہوا۔
اس سینٹر سے رعایتی فیس پر خون، پیشاب کی جانچ اور ایکس رے کا نظم ہے۔
مستحق مریضوں کے آپریشن بڑے ہاسپٹلس میں روابط ہونے کی وجہ سے بہت ہی کم خرچ پر کروائے جاتے ہیں۔ ماہانہ 450/ افراد اس سینٹر سے مستفید ہوتے ہیں۔









## راحت ناگری سہکاری پت سنستھا۔ عثمان آباد

- 13/10/2008 میں قائم ہوئی۔ ◆ ممبرس 776 ہیں۔
- سالانہ 400 /افراد کو قرض حسنہ (بلاسودی قرض) دیا جاتا ہے۔
ابھی تک -/53,98,000 لاکھ روپے بلاسودی قرض دیے گئے۔
- کل شیئر کیپیٹل جمع -/73,32,000 روپے جبکہ ڈپازٹ -/41,54,000 لاکھ روپے ہیں۔
- لون اماؤنٹ -/10,000 تا -/20,000 روپے تک ہے
اور سالانہ ٹرن اوور 1.5 کروڑ سے زائد ہوتا ہے۔






## الخیر بیت المال ناگری سہکاری پت سنستھا۔ امبہ جوگائی






الخیر بیت المال ناگری سہکاری پت سنستھا امبہ جوگائی کا قیام یکم مئی 2004 کو عمل میں آیا۔

- ممبران کی تعداد 619 ہے۔
- اب تک کل ممبران کا شیئر -/17,11,495 روپے ہے۔
- ممبر کو قرض حسنہ (Loan) -/20,00,440 روپے دیا گیا۔
- موٹر سائیکل کے لیے لون -/17,47,065 روپے دیا گیا۔
- کمپیوٹر مرابع قرض -/36,787 دیا گیا۔
- شارٹ ٹرم بزنس لون -/8,17,700 روپے دیا گیا۔
- فکس ڈپازٹ -/12,69,250 روپے۔
- بچت کھاتا میں -/13,00137 روپے جمع ہیں
- اور فکسڈ ڈپازٹ -/25,31,970 روپے ہے۔




## شاہین پالی کلینکس ناندیڑ

- شاہین پالی کلینک۔ خسرو نگر
- شاہین پالی کلینک۔ نئی آبادی
- شاہین پالی کلینک۔ چوپالا
- شاہین پالی کلینک۔ فاروق نگر

2001 میں ان کا قیام عمل میں آیا۔ ان چار پالی کلینکس سے ماہانہ 13000 مریض استفادہ کرتے ہیں۔
فی کس -/20 روپے رعایتی فیس میں دوائیاں بھی دی جاتی ہیں۔





## ارحم ہاسپٹل میٹرنیٹی اینڈ سرجکل ہوم ناندیڑ کا افتتاح

- 26/ اگست 2014 کو بدست محترم قیم جماعت نصرت علی صاحب و امیر حلقہ توفیق اسلم خان صاحب افتتاح عمل میں آیا۔

ہاسپٹل 20 بیڈ پر مشتمل ہے۔ ابھی تک 150 عدد ضرورت مند و مریض خواتین نے استفادہ کیا۔






# تربیت

## وابستگان جماعت کی زندگیوں کا تزکیہ جماعت کی ترجیح

### مقامی جماعتوں اور ضلعی سطحوں پر کی گئی سرگرمیاں :

- تزکیہ کیمپ مقامی سطح پر — 437 (استفادہ کنندگان 1260)
- عام تربیتی اجتماعات وورکشاپس — 19 (استفادہ کنندگان 711)
- ضلعی سطح پر تربیتی اجتماعات — 50 (استفادہ کنندگان 319)
- خصوصی تربیتی ملاقاتیں بذریعہ امیر حلقہ وسکریٹری شعبہ — 177
- خصوصی تربیتی ملاقاتیں بذریعہ ناظم ضلع/علاقہ — 373



مختلف مقامات پر مقامی وضلعی تربیتی اجتماعات

### مقامی جماعتوں کے تحت :

- مقامی جماعتوں نے دورانِ مدت 31 عدد اسٹڈی سرکل کا اہتمام کیا۔ جن سے 166 رفقاء نے استفادہ کیا۔
- شب بیداری کے 180 اجتماعات منعقد کیے گئے جن سے 766 رفقاء جماعت نے استفادہ کیا۔
- 44 شہروں میں 44 عدد نظام الاسرہ کا نظم ہے۔ جس سے 177 رفقاء مربوط ہیں۔

### رمضان سے متعلق سرگرمیاں :

- تقریباً تمام ہی مقامات پر طاق راتوں میں شب بیداری وقرآن مجید سے تعلق کی بنیادوں پر خصوصی پروگرام یا مطالعہ قرآن مجید کا اہتمام کیا گیا۔
- ممبئی میٹرو نے رمضان المبارک کی مناسبت سے خصوصی تربیتی اجتماع کا اہتمام کیا جس میں تقریباً 150 افراد نے شرکت کی سکریٹری شعبہ بھی ایک پروگرام میں شریک رہیں۔
- طاق راتوں میں شب بیداری اور مطالعہ قرآن کی مناسبت سے سکریٹری شعبہ نے 1) کلیان 2) ملت نگر (اندھیری) 3) آکولہ 4) ممبرا اور 5) میرا روڈ کی نشستوں میں شرکت کی۔
- بعض مقامات پر یوم الفرقان کا اہتمام کیا گیا۔

سکریٹری شعبہ نے ملاڈ (شرکاء 50) اور ممبرا (شرکاء 300) کے پروگرام میں شرکت کی۔



دفتر حلقہ میں مختلف تربیتی سرگرمیاں

### Discover Yourself Trained The Trainer

اس عنوان سے منعقدہ سعادت اللہ خان صاحب کے 10 روزہ تربیتی پروگرام میں شرکت کی گئی۔ محترم امیر حلقہ کی ہدایت پر سکریٹری شعبہ نے 10 روزہ تربیتی پروگرام سے استفادہ کیا۔

### افراد سازی :

محترم امیر حلقہ کی توجہ دہانی سے الحمدللہ مقامی جماعتیں افراد سازی و نئے افراد کی جماعت میں شمولیت پر خصوصی توجہ دے رہی ہیں۔ اسی سلسلے میں ممبر اجماعت کی جانب سے ایک کیمپ امیدواران رُکنیت کی تربیت کیلئے بدلاپور میں منعقد کیا گیا۔ جس میں محترم معاون امیر حلقہ کے ساتھ سکریٹری شعبہ نے شرکت کی۔ اس کیمپ میں کل 25 منتخب رفقاء شریک تھے۔

### مقامی و ضلعی تربیتی اجتماعات :

ممبئی میٹرو، ممبرا، میرا روڈ، ناگپور ضلع میں تربیتی اجتماعات کا اہتمام کیا گیا۔ اس میں سکریٹری شعبہ تربیت نے شرکت کی۔

**ایام فراغت :** ان تین مہینوں میں سکریٹری شعبہ تربیت نے مفوضہ ذمہ داری کو ادا کرنے کے سلسلے میں 38 یوم فارغ کیے اور 17 مقامات کا دورہ کیا۔

# تنظیم

داخلی نظم اور تنظیم اصلاً اجتماعیت کا تزکیہ ہے

## موجودہ افرادی و تنظیمی قوت :

### افرادی قوت:

| نمبر شمار | نوعیت | ارکان | کارکنان |
|---|---|---|---|
| 1 | مرد | 983 | 6954 |
| 2 | خواتین | 190 | 2120 |
| | جملہ | 1173 | 8064 |

### تنظیمی پوزیشن:

- جماعتیں 107
- حلقہ کارکنان: مرد 902
- حلقہ کارکنان: خواتین 151
- حلقہ متفقین: مرد 162
- اضلاع جملہ 35
- مستحکم تحریکی کام 23 اضلاع میں
- کمزور کام 7 اضلاع میں
- ابتدائی شکل میں کام 5 اضلاع میں
- تعداد نظماء ضلع 23
- معاونین 11
- تعداد نظماء علاقہ: 3 جملہ 37
- ناظمات ضلع 19
- معاونین: 3 جملہ 22

## مقامی و ضلعی سطح پر اہم سرگرمیاں :

- مقامی جماعتوں کے تحت ماہانہ احتسابی نشستیں: 686
- ناظم ضلع/ علاقہ کی نگرانی میں احتسابی نشستیں 40 تعداد شرکاء 143
- ماہانہ تنظیمی نشستیں 657
- دورہ نظمائے ضلع وعلاقہ 165 مقامات، ایام فراغت 316
- ضلعی وعلاقائی سطح پر تنظیمی اجتماعات کا اہتمام 40 تعداد شرکاء 690
- دوران مدت نئے کارکنان (مرد و خواتین) کا اضافہ 154

## ذمہ داران حلقہ کے خصوصی دورے اور میٹنگوں میں شرکت :

- SIO ساؤتھ زون کے زیر اہتمام افطار پارٹی منعقدہ 18 / جولائی 2014 بمقام ناگپور میں معاون امیر حلقہ کی شرکت۔
- رابطہ عامہ کے زیر اہتمام دعوتی افطار منعقدہ 19 / جولائی 2014 بمقام ممبئی میں سکریٹری حلقہ کی شرکت۔
- آکولہ جماعت کے تحت قیام اللیل پروگرام منعقدہ 19 / جولائی 2014 بمقام آکولہ میں معاون امیر حلقہ کی شرکت۔
- ناندیڑ جماعت کے تحت قیام اللیل پروگرام منعقدہ 24 / جولائی 2014 بمقام ناندیڑ میں معاون امیر حلقہ کی شرکت۔
- SIO نارتھ زون کے جلسہ تہنیت منعقدہ 10 / اگست 2014 بمقام ناگپور میں معاون امیر حلقہ کی شرکت۔
- GIO مہاراشٹر نارتھ اور ساؤتھ زون کے ذمہ داران و مشاورتی کونسل کے ممبران کے ساتھ مشترکہ اجلاس منعقدہ 15 / اگست 2014 بمقام مرکز اسلامی
- اورنگ آباد میں امیر حلقہ و سکریٹری حلقہ کی شرکت۔
- شعبہ دعوت کی نشست بضمن دعوتی مہم منعقدہ 16 / اگست 2014 بمقام ممبئی میں سکریٹری حلقہ کی شرکت۔
- اسلامک مراٹھی پبلیکیشنز ٹرسٹ کی سالانہ میٹنگ منعقدہ 17 / اگست 2014 بمقام دفتر حلقہ میں امیر حلقہ و سکریٹری حلقہ کی شرکت۔
- برادرانِ وطن کی ایک تنظیم کے ذمہ داران کے ساتھ نشست منعقدہ 18 / اگست 2014 بمقام دفتر حلقہ میں سکریٹری حلقہ کی شرکت۔
- صحافی حضرات کو عصرانہ (پریس میٹ) منعقدہ 18 / اگست 2014 بمقام ممبئی میں امیر حلقہ و سکریٹری حلقہ کی شرکت۔





ممبئی میں صحافی حضرات کیلئے عصرانہ

- صحافی حضرات کو ظہرانہ (پریس میٹ) منعقدہ 25 / اگست 2014 بمقام ناندیڑ میں امیر حلقہ و سکریٹری حلقہ کی شرکت۔



قیم جماعت و دیگر ریاستی ذمہ دارن کی میڈیا افراد سے ملاقاتیں

- جماعت کے تحت ''ارہم میٹرنیٹی ہاسپٹل کی افتتاحی تقریب منعقدہ 26/اگست 2014 بمقام ناندیڑ میں امیر حلقہ وسکریٹری حلقہ کی شرکت۔





- امراؤتی وابستگان جماعت کی جائزہ نشست منعقدہ 30/اگست 2014 بمقام امراؤتی میں معاون امیر حلقہ کی شرکت۔



- کسانوں کے مسائل سے متعلق سیمینار منعقدہ 31/اگست 2014 بمقام ایوت محل میں امیر حلقہ کی شرکت۔
- محترم قیم جماعت کے بھیونڈی دورے کے موقع پر مقامی ارکان کی نشست منعقدہ یکم/ستمبر 2014 میں امیر حلقہ وسکریٹری حلقہ کی شرکت۔
- کنوینشن بعنوان ''وابستہ ہوجاؤ اجتماعیت سے'' منعقدہ 7/ستمبر 2014 بمقام اودگیر میں سکریٹری حلقہ کی شرکت۔
- ناگپور ضلعی اجتماع منعقدہ 7/ستمبر 2014 بمقام ناگپور میں معاون امیر حلقہ کی شرکت۔



قیم جماعت مرکزی سیکریٹری محمد احمد صاحب اور امیر حلقہ کی، ناندیڑ کے ارکان کے ساتھ نشست



معاون امیر حلقہ کی ضلعی تربیتی اجتماعت میں خطاب

- مقامی امیدواران رکنیت کیمپ منعقدہ 26/ستمبر 2014 بمقام ممبرا میں معاون امیر حلقہ کی شرکت۔
- دعوتی مہم سے متعلق علاقائی تفہیمی اجتماع منعقدہ 27/ستمبر 2014 بمقام جل گاؤں میں سکریٹری حلقہ کی شرکت۔

◆ دعوتی مہم سے متعلق علاقائی تفہیمی اجتماع منعقدہ 28 ستمبر 2014 بمقام اورنگ آباد میں امیر حلقہ وسکریٹری حلقہ کی شرکت۔



### امیر حلقہ اور سکریٹری حلقہ کے خصوصی دورے :

وابستگان اور مقامی جماعتوں کے قابل اصلاح پہلوؤں پر بلا تاخیر توجہ دینے اور داخلی استحکام کے لیے مناسب تدابیر اختیار کرنے کے سلسلے میں ہر مقام پر امیر حلقہ و سکریٹری حلقہ کے دورے متعین ہیں۔ چنانچہ دوران مدت

- محترم امیر حلقہ نے پرتور، رنجنی، جالنہ اور عنبڑ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ارکان وکارکنان کی نشستیں، خواتین و SIO نشستیں، انفرادی ملاقات و جائزہ، عمائدین شہر کے ساتھ نشستیں، خطاب عام اور علماء وائمہ کرام کے ساتھ نشستیں وغیرہ سرگرمیاں انجام پائیں۔
- سکریٹری حلقہ نے دھامن گاؤں بڑے، بلڈانہ، مہکر، چکھلی، لاتور اور اودگیر ان مقامی جماعتوں کا تنظیمی دورہ کیا۔ اس موقع پر دفتری ریکارڈ کا جائزہ، بیت المال کا جائزہ اور مقامی سرگرمیوں کا جائزہ لیا اور جائزے کی روشنی میں ہدایت ورہنمائی کی۔
- مہاراشٹر اسمبلی الیکشن مہم کے سلسلے میں امیر حلقہ نے کرلا، وکرولی پارک سائٹ، مدنپورہ، سانتا کروز، ساکی ناکہ، ملت نگر، میرا روڈ اور مالونی کالونی ان مقامات کا دورہ کیا۔ اس موقع پر خطاب عام، عمائدین و علمائے کرام سے ملاقات ونشستیں، خطباتِ جمعہ، وابستگان جماعت کی نشستیں، صحافیوں سے ملاقاتیں و پریس کانفرنسیس اور مختلف اداروں میں خطابات وغیرہ سرگرمیاں انجام دی گئیں۔

### رفقائے جماعت کے باہمی مسائل کا حل :

حلقہ میں بعض رفقائے جماعت کے درمیان لین دین کے معاملات اور بعض اختلافی امور کی وجہ سے باہمی بدمزگی و باہمی مسائل درپیش تھے۔ محترم امیر حلقہ اور سکریٹری حلقہ نے مشترکہ وعلاحدہ علاحدہ ایسے 12 / عدد مسائل کو حل کیا۔

### GIO نارتھ و ساؤتھ زونس کا خصوصی اجلاس :

ریاست مہاراشٹر کے پھیلاؤ ووسعت اور طالبات کے لمیٹیشنس کے پیش نظر GIO کی توسیع واستحکام اور مزید بہتر سے بہتر بنانے کے سلسلے میں GIO مہاراشٹر نارتھ اور ساؤتھ زون کی صدورِ تنظیم، جنرل سکریٹریز، ممبران مشاورتی کونسلس اور بعض منتخبہ ممبران GIO پر مشتمل ایک اجلاس مورخہ 15 / اگست 2014 کو مرکز اسلامی اورنگ آباد میں منعقد کیا گیا۔ جس میں انتہائی تفصیل کے ساتھ GIO کی پوزیشن، رفتارِ کار، عملی دشواریوں اور ان کے حل سے متعلق گفتگو اور اظہار خیال کیا گیا۔ مختلف تجاویز بھی زیر غور آئیں۔ ان کے پیش نظر حلقہ مہاراشٹر کی مجلس شوریٰ کے اجلاس میں ان پر غور کرنا پیش نظر ہے۔ اس اجلاس میں محترم امیر حلقہ اور سکریٹری حلقہ نے شرکت کی۔

## دفتر حلقہ میں نشستیں :

- علاقہ کوکن کے امور و معاملات سے متعلق 2/جولائی 2014 کو ناظم علاقہ محترم نصیر احمد اصلاحی صاحب کے ساتھ نشست۔
- حلقہ مہاراشٹر کی مقامی جماعتوں کے بیت المال اور آڈٹ کے امور سے متعلق 3/جولائی 2014 کو مولانا غلام رفیق احمد صاحب آڈیٹر کے ساتھ نشست۔
- سماجی مسائل اور حالات حاضرہ کے پس منظر میں 5/اگست 2014 کو بامسیف کے ذمہ داران کے ساتھ خصوصی نشست۔
- ضلع تھانہ اور بعض تنظیمی امور کے سلسلے میں 18/اگست 2014 کو ناظم ضلع جناب خورشید انور صاحب کے ساتھ نشست۔

## سالانہ بجٹ کی توثیق :

حلقہ مہاراشٹ کی مقامی جماعتوں آکولہ، رتنا گیری، پونہ، اورنگ آباد، ناندورہ، کنڑ، ناگپور ویسٹ وغیرہ کے سالانہ بجٹوں کی توثیق کی گئی۔

## خصوصی تنظیمی کیمپ :

جماعت اسلامی ہند حلقہ مہاراشٹر کی تنظیمی تقاضوں وضرورتوں کے پیش نظر 5 موضوعات: (1) WPI میں شامل ارکان وکارکنان کا مطلوب کردار (2) بلدیاتی انتخابات اور مقامی جماعتوں کا رول (3) بیت المال کا نظم اور اس کے تقاضے (4) کسانوں کے مسائل اور ہمارا رول (5) اسمبلی انتخابات اور ہمارا لائحہ عمل پر مشتمل 3 روزہ خصوصی تنظیمی کیمپ مورخہ 24/25/26/اگست 2014 کو ناندیڑ میں منعقد کیا گیا۔ اس موقع پر مرکزی ذمہ داران محترم نصرت علی صاحب (قیم جماعت)، محترم محمد احمد صاحب (سکریٹری شعبہ ملی وملکی مسائل) اور محترم ڈاکٹر وقار انور صاحب (مشیر مالیات) کے علاوہ امیر حلقہ، معاون امیر حلقہ، سکریٹری حلقہ نے شریک ہوکر رہنمائی فرمائی۔ اس کیمپ سے 122 عدد امراء مقامی، نظماء حلقہ کارکنان، 80 عدد بیت المال کے مقامی ذمہ داران، 18 عدد ناظمات ضلع ومعاونین، 28 عدد نظماء ضلع وعلاقہ ومعاونین، 27 عدد ارکان شوریٰ وسکریٹری شعبہ جات، 57 عدد WPI میں شامل ارکان وکارکنان اور 7 عدد SIO یوتھ ونگ اور MPJ کے ذمہ داران۔ اس طرح بحیثیت مجموعی 339 افراد نے شرکت کی۔ اس کیمپ کے موقع پر ناندیڑ شہر کے عمائدین کے ساتھ نشست، مقامی جماعت کا اجتماع، GIO ممبران کی نشست، صحافی حضرات سے ملاقات و پریس میٹ اور میٹرنیٹی ہاسپٹل کا افتتاح جیسی سرگرمیاں بھی انجام دی گئیں۔

























### سہ ماہی خبرنامہ کا اجراء :

دورانِ مدت حلقہ کی سرگرمیوں و دیگر امور پر مبنی سہ ماہی خبرنامہ **نشانِ راہ** کا چھٹا شمارہ 3000 کی تعداد میں پرنٹ کروا کر پورے ریاست میں روانہ کیا گیا۔

### مقامی جماعتوں کا آڈٹ :

دورانِ مدّت حلقہ کے آڈیٹر جناب غلام رفیق احمد صاحب نے 67 یوم اور جناب ابرار محسن صاحب نے 2/ یوم اس طرح بحثیت مجموعی دونوں آڈیٹرس نے 69/ یوم فارغ کر کے 35/ مقامی جماعتوں بھیونڈی، خلد آباد، رنجنی، پرتور، بھوکردن، پرلی، امبہ جوگائی، عمرکھیڑ، پوسد، بلار پور، راجورہ، گڑھ چرولی، الاپلی، آشٹی، نیو ماجری، ناگپور ایسٹ، ناگپور ویسٹ، کامپٹی، انجن گاؤں، ونی، بیڑ، چندر پور، دریاپور، بدناپور، نیر، امبڑ، آشٹی، شری وردھا، سیلو، پاتھری، چوپڑا، جامنیر، ملکاپور، بلڈانہ، موتالہ اور پیپل گاؤں راجہ کے بیت المالوں کا جائزہ اور آڈٹ کا کام انجام دیا۔

### دفتر حلقہ میں ہفتہ واری اجتماعات:

- ہر ہفتہ بروز منگل صبح 09:00 تا 10:00 وابستگان دفتر حلقہ، IMPT اور شودھن ٹرسٹ کے اسٹاف پر مشتمل ہفتہ واری اجتماعات کا اہتمام کیا گیا۔
- دورانِ مدت یعنی ان تین ماہ میں دفتر حلقہ سے 196 عدد مراسلات اور 02 عدد سرکلرس کا اجراء عمل میں آیا۔

### امیر حلقہ، معاون امیر حلقہ و سکریٹری حلقہ کی مصروفیات اور یوم فراغت:

- درج ذیل جدول کے مطابق دورانِ مدت محترم امیر حلقہ، معاونین امیر حلقہ اور سکریٹری حلقہ نے وقت فارغ کیا:

| نمبر شمار | ذمہ داران | دفتر حلقہ کیلئے | دورے اجلاس وغیرہ کیلئے | جملہ فارغ ایام |
|---|---|---|---|---|
| 1 | توفیق اسلم خان صاحب (امیر حلقہ) | 14 | 20 | 34 |
| 2 | رضوان الرحمٰن خان صاحب (معاون امیر حلقہ) | x | 25 | 25 |
| 3 | شیخ متین (سکریٹری حلقہ) | 46 | 181/2 | 641/2 |

# شعبۂ خواتین

**اصلاح معاشرہ اور دین کی اشاعت وتبلیغ میں خواتین برابر کی حصہ دار وشریک ہیں**

حلقہ مہاراشٹر کی وسعت اور خواتین کے مسائل کے پیش نظر شعبہ خواتین کو دو حصوں میں یعنی شعبہ خواتین نارتھ اور شعبہ خواتین ساؤتھ زون میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ان کی علیحدہ علیحدہ بیانیہ رپورٹ درج ذیل ہیں:

## حلقۂ خواتین نارتھ زون

### دعوت کے تحت سرگرمیاں :

| سرگرمی | تعداد | شرکاء |
|---|---|---|
| انفرادی واجتماعی ملاقاتیں وطنی بہنوں سے اور جانوری میں آدی باسی بہنوں سے ملاقات کی گئی اسلام کی بنیادی باتوں کی تعلیم دی گئی | 2800 | شرکاء بہنیں 12 |
| تقسیم لٹریچر: قرآن | 45 | |
| کتابچے | 850 | |
| فولڈرس | 1000 | |
| قرآن پروچن | 03 | |
| افطار پارٹی | 20 | شرکاء420 |
| عیدملن پروگرام | 30 | شرکاء900 |
| عمرکھیڑ میں کالج کی طالبات کے لیے عیدملن پروگرام | 1 | شرکاء وطالبات23 |
| مہیلا مہاودھیالیہ کھام گاؤں میں عیدملن پروگرام میں طالبات واسٹاف ممبران نے شرکت کیں، | 1 | شرکاء وطالبات 400 |
| حلقہ خواتین مالیگاؤں کی جانب سے اودھت بھجن منڈل میں عیدملن پروگرام | 1 | |





ریاست بھر میں وطنی بہنوں کے لئے عیدملن پروگرام







ریاست کے مختلف مقامات پر دعوتی سرگرمیاں

مالیگاؤں میں دعوتی سرگرمیاں









بھساول میں عیدملن







جانُوری میں آدیواسی خواتین کیلئے دعوتی واصلاحی پروگرام

## ملی مسائل کے تحت سرگرمیاں:

- 10 ؍اساتذہ بہنوں سے ملاقات کی گئی
- آکولہ میں ایک طالبہ کی فیس ادا کی گئی
- ایک سالہ دینی تعلیم کا کورس دھولیہ اور آکولہ میں شروع کیا گیا
- ناگپور مشرق میں ایک بہن کو روزگار کے لیے 500 روپے دیے گئے
- ایک گھریلو تنازعہ کو حل کیا گیا
- چھ بچیوں کی نسبت طے کی گئی۔

## خدمت خلق کے تحت سرگرمیاں:

- عازمین حج کے لیے پروگرام 4 (عمرکھیڑ، ناگپور مشرق، کھامگاؤں، آکولہ)
- طبی امداد :

ناگپور مشرق -/5000، انجن گاؤں سورجی -/3000، عمرکھیڑ -/1000

ایوت محل -/2000، بلارپور -/1500، آکولہ -/8300، پاچورہ -/2000

- مالیگاؤں حلقہ خواتین نے 130 بہنوں کی عیادتیں کیں

اور 15 بہنوں کو طبی امداد فراہم کی

- مکان کی تعمیر کے لیے امداد -/9000 روپے
- بیواؤں کو وظائف:

ناگپور مشرق -/2000، انجن گاؤں -/12000،

ناگپور مغرب -/16000 ، مالیگاؤں -/700

- غریب بچیوں کی شادی میں امداد :

انجن گاؤں -/3000 ، ناگپور مشرق -/1000

- ریلیف فنڈ: -/47,000
- یتیموں کی مدد -/800
- ناگپور مشرق میں -/15700 روپے کی رمضان کٹ تقسیم کی گئی۔

## اسلامی معاشرہ کے تحت سرگرمیاں:

- انفرادی واجتماعی ملاقاتیں 16700
- رمضان المبارک کے تحت دروس قرآن وحدیث کے پروگرام 115 (شرکاء 3450)
- ماہِ رمضان میں روزانہ ترجمہ قرآن کے پروگرام 115 مقامات پر (شرکاء 2875)
- یوم بدر کے پروگرام 25 (شرکاء 1500)
- ملی بہنوں کے لیے افطار پارٹی 50 (شرکاء 2500)
- اجتماعی طاق راتوں کا پروگرام 30 مقامات پر، شرکاء
ہر طاق رات میں کم وبیش 1220
- باجماعت تراویح کا نظم 25 مقامات پر کیا گیا، شرکاء روزآنہ تقریباً کم وبیش 1345
- خلاصہ تراویح 25 مقامات پر (شرکاء 1345)
- 30 مقام پر زکوۃ وصولی میں حلقہ خواتین نے مقامی جماعت کا تعاون کیا
- تقسیم قرآن ملی بہنوں میں 15، تقسیم کتب 90، فولڈرس 900 تقسیم کیے گئے
- مختلف عنوانات کے تحت خطاباتِ عام 7 (شرکاء 790)
- عیدالضحیٰ کے تحت پروگرام 30 مقامات پر (شرکاء 5200)
- فولڈرس کی تقسیم 800

## ملکی وعالمی مسائل کے تحت سرگرمیاں:

- یوم حجاب کے تحت ناگپور مغرب میں پروگرام لیا گیا
- ''دیش کا وکاس نیائے وسد بھاؤنا کے ساتھ''
اس مہم کے تحت ناگپور میں 5 مقامات پر پروگرام لیے گئے اور منشور کی کاپی تقسیم کی گئی
- انجن گاؤں میں 3 مقامات پر پروگرام لے کر منشور کی خواندگی کی گئی (شرکاء خواتین 73)
- ایک لیکچر جونیئر کالج میں لیا گیا جس میں 100 طالبات شریک رہیں
- بلارپور میں مہم کے تحت پروگرام میں 40 خواتین نے شرکت کیں
- فلسطین پر جاری اسرائیل کی بربریت کے خلاف SIO کی جانب سے
- پرامن احتجاجی مظاہرہ میں حلقہ خواتین و GIO مالیگاؤں نے حصہ لیا
- مستحکم مقامات پر اسرائیل بائیکاٹ میں حلقہ خواتین نے تعاون دیا
- یوم القدس کے پروگرام 11 (شرکاء 385)



حلقہ خواتین ناگپور میں مختلف سرگرمیاں



مختلف مقامات پر خطابات عام





ریاست کے درجنوں مقامات پر سماعت قرآن



اہل غزہ سے اظہار یگانگت

''شعبہ تربیت و تنظیم'' کے تحت:

- اڑاوت (ضلع جل گاؤں) اور بندی گھونسرا (ضلع ایوت محل) میں خواتین حلقہ متفقین قائم کیا گیا اور ہفتہ واری پروگرام شروع کیا گی
- ایک مقام پر شعبہ خواتین نارتھ کی طرف سے خواتین کے لیے لائبریری کے لیے کتابیں فراہم کی گئیں
- بمقام فیض پور میں حلقہ خواتین کے تحت چلڈرن سرکل کا قیام عمل میں آیا، الحمدللہ ہر ہفتہ 35 تا 40 بچیاں شرکت کر رہی ہیں
- دعوتی تفہیمی اجتماع بمقام جل گاؤں میں اضلاع جل گاؤں، دھولیہ، ناسک وننددور بار سے 80/ارکان وکارکنان خواتین نے شرکت کیں۔

## حلقۂ خواتین ساؤتھ زون:

دعوت کے تحت سرگرمیاں:

- ملاقاتیں:
  انفرادی 850 ، اجتماعی 400
- افطار پارٹی 44 (تعداد شرکاء 737)
- عیدملن 58 (تعداد شرکاء 880)
- تقسیم کتب: لٹریچر 70، قرآن 05، کتابچے 27
- دعوتی ورکشاپ 03 (تعداد شرکاء 161 [میرا روڈ ، مالونی ، ملت نگر])
- معاونین 85






ریاست کے درجنوں مقامات پر وطنی بہنوں کے لئے افطار پارٹی











حلقہ خواتین کی جانب سے خواتین پولس کیلئے دعوتی افطار





ملاڈ ممبئی میں مختلف دعوتی سرگرمیاں

## ملکی وعالمی مسائل کے تحت سرگرمیاں:

- یوم القدس کے پروگرام 7 مقامات پر ہوئے۔ یوم القدس کے موقع پر شہر پونہ میں ضلع کلکٹر کو غزہ میمورنڈم دیا گیا۔
- ''دیش کا وکاس نیائے اور سدبھاؤنا کے ساتھ'' اس مہم میں حلقہ خواتین ساؤتھ نے تعاون کیا۔

## خدمت خلق کے تحت سرگرمیاں:

- غسل خاتون میت کی ٹریننگ کیمپ لئے گئے۔ میرا روڈ، جوگیشوری، وکرولی سے 100 خواتین شریک رہیں۔ ماہانہ 7 سے 9 میت کو غسل دیا گیا۔
- زون کے سبھی مقامات پر حلقہ خواتین نے مقامی نظم کے علاوہ انفرادی طور پر بھی زکوۃ، فطرہ، صدقات وغیرہ کے ذریعے ضرورت مندوں، محتاجوں، بیواؤں، یتیموں، معذوروں، قرض داروں کے لئے کثیر رقم سے امداد کی۔
- پونہ فوڈ کوپن 463000

## تربیت کے تحت سرگرمیاں:

- ماہانہ تربیتی اجتمات 165
- 157 ارکان وکارکنان ذاتی منصوبہ کے تحت سرگرمیاں انجام دیتے ہیں۔
- احمد نگر میں ماہانہ تربیتی اجتماعات میں مراٹھی وانگریزی زبان میں درس کے لئے خواتین کو تیار کیا جارہا ہے۔

## تنظیم کے تحت سرگرمیاں:

- ارکان 134
- کارکنان 1512
- متفقین 11760
- مقامی نظم 66
- حلقہ ہائے کارکنان 42
- ضلعی ناظمات 10
- معاون ناظمات ضلع 02
- ناظمات ضلع کے دورے 52 مقامات 61 ایام
- معاون ناظمہ 5 مقام 9 ایام
- حلقہ کی ناظمہ 14 مقام 21 ایام
- حلقہ کارکنان کے نئے نظم 2 مقام پر (شہر ساتارا اور پونہ ضلع میں)
- حلقہ کے منعقدہ کیمپ (ناندیڑ) میں پانچ ضلعوں کی ناظمات اور ایک معاون شریک رہیں۔

## اسلامی معاشرہ کے تحت سرگرمیاں:



حلقہ خواتین ساؤتھ کے سینکڑوں مقامات پر سماعت قرآن



خواتین عازمین حج کیلئے حج تربیتی پروگرام

- ملاقاتیں 4700
- ہفتہ واری اجتماع 336 مقامات پر ہوتے ہیں۔اسطرح 4032 اجتماعات ہوئے
- ممبئی میں دورۂ تفسیر کے 25 مقامات پر تعارفی پروگرام ہوئے جس میں شرکاء کی تعداد 378 تھیں
- میرا روڈ کے دورۂ تفسیر کے پروگرام میں شرکاء کی تعداد 500 سے 700 رہیں۔
- ممبئی میں چار گھنٹے ہونے والے دورۂ تفسیر کے مزید 7 مقامات پر بھی پروگرام ہوئے جس میں شرکاء کی کل ملا کر تعداد تقریباً 1000 رہی۔اس موقع پر آخری دن بیسویں روزے کو بک اسٹال، CD اسٹال اور کوئز مقابلے بھی رکھے گئے
- اس کے علاوہ سماعت قرآن کے ساؤتھ زون میں تقریباً 380 مقامات پر پروگرام ہوئے۔
- خلاصہ تراویح 122 مقامات
- طاق راتوں کا اہتمام 160 مقامات
- 27 ویں طاق رات کو ممبئی میں اسکول میں بڑا پروگرام لیا گیا جس میں 590 خواتین شریک تھیں
- قرآن فہمی کلاسیس 35 مقامات پر
- ناظرہ قرآن کلاس 24 مقامات پر
- تجوید کلاس 18 مقامات
- حج ٹریننگ کیمپ 7 (تعداد شرکاء 190)

## ملی مسائل کے تحت سرگرمیاں:

- افطار کٹ کی تقسیم ممبئی 700
- کونسلنگ کے ذریعے 21 خواتین کے مسائل حل کئے گئے
- رمضان کٹ کی تقسیم دیگر مقامات 1150
- 5 خواتین کو گھریلو ملازمت فراہم کی گئی
- زکوٰۃ کلیکشن (ممبئی میٹرو 12 لاکھ، شہر اورنگ آباد 10 لاکھ، پونہ 7 لاکھ، رتنا گیری 1.5 لاکھ، زون کے دیگر مقامات 7 لاکھ 69000 ہزار)، پونہ فری قرآن فنڈ کلیکشن (200 قرآن) 50000 سے زائد)

# یوتھ ونگ

## مسلم نوجوانوں کی زندگیوں کو با مقصد اور تعمیری بنانے کا ہدف

### یوتھ ونگ مہاراشٹر:

### نارتھ زون

- ماہِ ستمبر 2014 میں زونل سطح پر ''اسرائیل مخالف مہم'' منائی گئی۔ الحمدللہ مقامات سے موصول تفصیلات کے مطابق کافی کامیاب مہم رہی اور یونٹس نے گھر گھر جاکر مہم کا تعارف کروایا۔ کارنر میٹ کا اہتمام کیا گیا۔ فولڈرس، کارڈس بڑی تعداد میں تقسیم کیے گئے۔ بازاروں میں بینرس لگائے گئے۔
- رمضان المبارک کے موقع پر 800 رمضان کٹ تقسیم کیے گئے۔ 5/عدد افطار پارٹیوں کا اہتمام کیا گیا۔ صدقۂ فطر اجتماعی طور پر جمع کرواکر -/87,000 روپے تقسیم کیے گئے۔
- آکوٹ یونٹ نے -/35,000 روپے کی طبی امداد کی۔
- کشمیر سیلاب متاثرین کے لیے ریلیف فنڈ جمع کیا گیا۔
- دورانِ مدت یوتھ ونگ نارتھ زون کی جانب سے ایک عدد سرکلر جاری کیا گیا۔




ناگپور میں رمضان راشن کٹ کی تقسیم




فیض پور میں اسرائیل مخالف مہم

### ساؤتھ زون

- درج ذیل شہروں میں استقبال ''رمضان'' کا پروگرام رکھا گیا: پربھنی (شرکاء 100)، سیلو، پاتھری، چکل تھانہ، مالونی اور جعفر آباد میں 2 بار پروگرام رکھا گیا۔
- پربھنی میں ''یوم الفرقان'' اجتماع کا انعقاد کیا گیا جس میں تعداد شرکاء 70 رہی۔
- پربھنی میں ''نکاح کو آسان کرو'' مہم کے تحت: 27/کارنر میٹ، 1 ریلی، 5 خطاباتِ جمعہ، 1 خطاب عام اور ''عید ملن'' کا پروگرام رکھا گیا 150 کی تعداد میں افراد شریک تھے۔
- ''اسرائیل بائیکاٹ مہم'' کے تحت: ☆ پربھنی میں 1000 ہینڈ بل کی تقسیم کیے گئے، 500 پوسٹرس لگائے گئے، خطابات جمعہ اور نئے نوجوانوں کو شریک کروایا گیا ☆ جالنہ میں 40 بینر مساجد میں لگوائے گئے، 10,000 ہینڈ بل تقسیم کیا گیا ☆ جعفر آباد میں لبیک گروپ کے تعاون سے 4 بڑے ہورڈنگ لگوائے گئے اور 2000 ہینڈ بل تقسیم کیا گیا، 2 کارنر میٹ اور 50 ملاقاتیں کی گئی ☆ اورنگ آباد میں 62000 ہینڈ بل کی تقسیم، اسکولی طلباء کے لیے 24000 ہینڈ بل، چھوٹے پوسٹر 2000، بڑے پوسٹر 1500، میگا فون کے ذریعے 100 مقامات پر کارنر میٹ جس میں ہر میٹنگ میں 50 تا 400 تک افراد شریک تھے، 20 اسکول 4 کالجس میں 200 لیکچر لیے گئے، مساجد میں خطبہ جمعہ میں موضوع گفتگو بنایا گیا، لوکل نیوز چینل MCN پر ایک کارنر میٹ کی تقریر کو نیوز میں دکھایا گیا، نئے نوجوانوں کو روز آنہ کی کارنر میٹ میں ساتھ لے جایا گیا، مہم کے چند دن بعد ایک مسلم ڈسٹری بیوٹر نے دوبارہ کوکا کولا کے سیل کو بڑھانے کے لیے کوشش کا پتہ چلنے پر یوتھ ونگ کے نوجوانوں نے جا کر اس سے ملاقات کی اور اُس کو آخرت اور رزق کے حوالے سے گفتگو کر کے ایسا کرنے سے منع کیا تو وہ راضی ہو گیا اور کہا کہ میرا کمپنی سے معاہدہ مارچ تک ہے اُس کے بعد میں معاہدہ ختم کر دوں گا۔ ......اورنگ آباد میں مہم کے اثرات کچھ اس طرح ہوئے: مہم کے آغاز سے اب تک مسلم اکثریتی علاقوں میں فریج سے کوکا کولا، پیپسی ندارد ہے جس کی جگہ پر پنچ کولا (جل گاؤں) و دیگر مشروب دستیاب، Nestle، Cadbury، Colget پر گہرا اثر ہوا ہے،

یوتھ ونگ جماعت اسلامی مہاراشٹر کی جانب سے اورنگ آباد، پربھنی، جعفرآباد، خلدآباد، گھاٹ ناندرہ، کلیان، سیلو پاتھری وغیرہ کی جانب سے غزہ پر حملہ کے خلاف مختلف سرگرمیاں



















اس مہم کے بعد ملت کی بڑی تعداد مسجد اقصیٰ اور مسئلہ فلسطین سے واقف ہوئی نیز فلسطین سے دلی لگاؤ پیدا ہوا، 8 نئے لوگوں نے فارم بھرا اور کئی نوجوان یوتھ ونگ سے متفق ہوئے، یوتھ ونگ کے نام کے ساتھ جو ڈیزائن تیار کیا گیا تھا اس کو ہوبہو 12 مقامات پر بڑے بڑے ہورڈنگ کی شکل میں غیر تحریکی افر نے اپنے خرچ پر لگایا، اُس ڈیزائن میں سے یوتھ کا نام تبدیل کر کے یا دیگر ڈیزائن کے ساتھ تقریباً 100 مقامات ہورڈنگ لگائے گئے ☆ خلد آباد میں 5 کارنر میٹ مختلف محلوں میں لیے گئے جس میں ہر میٹ میں 80 تا 100 ؍افراد شریک تھے۔ نیز ہینڈ بل کی تقسیم اور دُکانداروں سے ملاقاتیں بھی انجام دی گئی ☆ گھاٹ ناندرہ میں 2000 ہینڈ بل کی تقسیم اور 3 ہورڈنگس لگائی گئی ☆ چکل تھانہ میں 3000 ہینڈ بل کی تقسیم، 200 اسٹیکرس، 22 کارنر میٹ اور 20 بینر لگائے گئے ☆ عثمان آباد میں 1000 چھوٹے بڑے اسٹیکرس، 3500 ہینڈ بلس، 50 دُکانداروں سے ملاقاتیں وغیرہ ☆ کلیان میں دستخطی مہم میں یوتھ ونگ کا تعاون دیا گیا ☆ میر روڈ میں 10000 ہینڈ بل کی تقسیم، 25 بینر اور دستخطی مہم کا اہتمام کیا گیا ☆ پمپری چنچوڑ میں یوتھ ونگ قائم نہیں ہے لیکن اسرائیل بائیکاٹ مہم کے تحت ہینڈ بلس تقسیم کیے گئے اور 2 مساجد میں پوسٹر لگائے گئے ☆ اجنٹہ میں بھی یوتھ ونگ قائم نہیں ہے لیکن کچھ نوجوان اسرائیل بائیکاٹ مہم کے سلسلے میں مقامی جماعت کے رابطہ میں آئے تھے جن کے ذریعے یوتھ ونگ کے 1000 ہینڈ بل اجنٹہ کے گھر گھر میں پہنچایا گیا ☆ سیلو اور پاتھری میں بھی ''اسرائیل بائیکاٹ مہم'' کے تحت پروگرام لیا گیا ☆ نارتھ زون ناسک ضلع کے ناظم ضلع کی گزارش پر ایولہ میں ایک خطابِ عام بعنوان ''اسرائیل بائیکاٹ مہم'' لیا گیا جس میں عصر تا عشاء گاؤں میں ملاقاتیں کی گئی اور ہینڈ بل تقسیم کیے گئے۔ بعد عشاء خطاب ہوا جس میں 1200 ؍افراد نے شرکت کی۔ محمد عباس انصاری، عادل مدنی، شیخ امتیاز نے خطاب کیا ☆ اسرائیل بائیکاٹ مہم کے سلسلے میں ساؤتھ زون کی جانب سے 30,000 ہینڈ بل بنوائے گئے تھے جس میں سے 20,000 ہینڈ بل کی رقم ساؤتھ زون کے مقامات سے وصول کی گئی جس میں نارتھ زون کے کچھ امرائے مقامی کے اسرار پر انہیں بھی روانہ کیے گئے۔ نیز 10000 ہینڈ بل ایسے افراد یا مقامات پر دیے گئے جہاں یوتھ ونگ یا جماعت قائم نہیں ہے ☆ اس مہم کے سلسلے میں مہاراشٹر کے باہر دیگر ریاستوں سے بھی غیر تحریکی افراد نے رابطہ کیا جن کے 86 عدد نمبرس محفوظ کر لیے گئے ☆ فیس بک اور وہاٹس اپ پر بھی مہم کے سلسلے میں کام کیا گیا ☆ اسرائیل بائیکاٹ مہم کے سلسلے میں بنائے گئے ہینڈ بل، پوسٹر اور ہورڈنگ کے ڈیزائن متعدد غیر تحریکی افراد نے بھی منگوا کر پرنٹنگ کروا کر پبلش کیا اور بہت سے مقامات پر لوگوں نے فوٹو کاپی کروا کر پبلش کیا۔

- پربھنی میں تعلیم بالغان کا آغاز جس میں 8 ؍نئے شرکاء مستقل آرہے ہیں۔
- درج ذیل مقامات پر ہفتہ واری اجتماع کا پابندی سے اہتمام کیا جاتا ہے: پربھنی، سیلو، اورنگ آباد کے 2 مقامات، چکل تھانہ۔
- درج ذیل مقامات پر اسٹڈی سرکل پابندی سے جاری ہے: پربھنی، اورنگ آباد، گھاٹ ناندرہ۔
- ☆ پربھنی اور ناندرہ میں مریضوں کی طبی مدد و رہنمائی اور مالی مدد کی گئی۔ ☆ پاتھری میں 5 ؍نوجوانوں کو روزگار سے لگایا گیا ☆ گھاٹ ناندرہ میں رمضان المبارک کے مہینے میں 100 کلو کھجور 50 خاندان میں تقسیم کی گئی ☆ مالونی میں 65 ؍افراد کے سینئر سٹی زن کارڈ بنوائے گئے اور سینئر سٹی زن ورکشاپ میں گورنمنٹ اسکیمات سے واقفیت کروائی گئی۔





غرباء و مساکین میں رمضان راشن کٹ کی تقسیم میں مقامی جماعتوں کا تعاون






جلسۂ یوم بدر کا انعقاد

◆ سیلو اور پاتھری مقامات پر خطابِ عام کا انعقاد بعنوان ''اسلام کا مطلوبہ نوجوان'' رکھا گیا۔ تعدادِ شرکاء 50 اور 75۔

◆ درج ذیل مقامات پر ''یوم القدس'' کا اہتمام کیا گیا:

☆ جالنہ (3000 ہینڈ بل کی تقسیم) ☆ مالونی (دستخطی مہم اور بینرس لگائے گئے)

☆ اورنگ آباد (8000 ہینڈ بل، 3 بڑے ہورڈنگس، گشت میں 2500 نوجوانوں سے ملاقاتیں، مساجد میں اعلانات (800/افراد کی شرکت)۔

◆ درج ذیل مقامات پر ''یومِ بدر'' کا اہتمام کیا گیا:

☆ جعفر آباد (شرکاء 50) ☆ اورنگ آباد (8000 ہینڈ بل اور 6 بڑے ہورڈنگس، گشت میں 3000 نوجوانوں سے ملاقاتی، مساجد میں اعلانات (1000 افراد کی شرکت)

◆ درج ذیل مقامات پر فطرہ تقسیم کیا گیا:

☆ جعفر آباد (11 خاندان میں 110 کلو اناج تقسیم کیا گیا) ☆ جالنہ (520/افراد)

☆ عثمان آباد میں 2 مقامات پر فطرہ تقسیم کیا گیا ☆ اورنگ آباد جماعت کو فطرہ تقسیم میں تعاون کیا گیا ☆ گھاٹ ناندرہ جماعت کو فطرہ کی تقسیم میں مکمل تعاون کیا گیا

☆ مالونی میں فطرہ مہم میں جماعت کا تعاون کیا گیا

☆ کلیان جماعت کو فطرہ کی تقسیم میں مکمل تعاون کیا گیا۔

◆ درج ذیل مقامات پر ''رمضان کٹ'' مہم کا اہتمام کیا گیا:

☆ اورنگ آباد، (مقامی جماعت کے رمضان کٹ مہم کے تحت کرانہ خریداری، پیکنگ نیز تقسیم کے پروگرام میں مکمل تعاون

☆ چکل تھانہ (40 رمضان کٹ یوتھ ونگ کی جانب سے تقسیم کیے گئے ایک کٹ کی قیمت 650 روپے تھی)۔

◆ اورنگ آباد میں زکوٰۃ کلیکشن مہم کے تحت -/1,00,000 روپے سے زائد رقم یوتھ ونگ نے مقامی بیت المال میں جمع کروائی۔

◆ تفریحی و تربیتی اجتماع بمقام ایم.ایس. فارم چوکہ گھاٹ (Outing)۔ جس میں 50 ممبران شریک ہوئے اُن میں اسرائیل بائیکاٹ مہم سے قریب آنے والے نوجوان بھی مدعو تھے۔ نان قلیہ کی ضیافت رکھی گئی تھی۔ شیر خرمہ بھی رکھا گیا تھا۔ تذکیر، فٹ بال، پہاڑ پر چڑھنا وغیرہ اور اختتام پر نئے افراد کو بنیادی لٹریچر کے 12 سیٹ تقسیم کیے گئے۔

◆ جماعت کے دعوتی، تربیتی اجتماعات میں شرکت جاری ہے۔



◆ کشمیر ریلیف فنڈ:

☆ اورنگ آباد میں جماعت کی کشمیر ریلیف فنڈ کی مہم میں مکمل تعاون کیا گیا۔ جمعہ میں یوتھ ونگ نے -/1,00,000 روپے جمع کیے اور یوتھ کے نوجوانوں نے -/25,000 روپے کا تعاون دیا ☆ مالونی میں کشمیر ریلیف فنڈ مہم کے تحت -/62,000 روپے جمع کیے گئے ☆ کلیان میں کشمیر ریلیف فنڈ مہم کے تحت جماعت کے کاموں میں یوتھ ونگ سے تعاون کیا گیا۔

◆ ☆ جماعت کے تمام کاموں میں شرکت کی جاتی ہے ☆ یوتھ ونگ کے تعارف کے لیے سوشل نیٹ ورک کا بھرپور استعمال کیا جاتا ہے۔

◆ یوتھ ونگ کے ذریعے ہر ماہ دعوہ بک اسٹال جاری ہے۔ دعوہ فیلڈ ورک کے ذریعے دعوتی لٹریچر کی تقسیم و ملاقاتیں کی جاتی ہیں۔

چلڈرن سرکل JIH

10 سال سے کم عمر نونہالان کی اسلامی خطوط پر تربیت کا جامع منصوبہ

## چلڈرن سرکل (CC) جماعت اسلامی ہند :

- 16/جولائی 2014 کو بیڑ میں ''جنگ بدر میں بچوں کا رول'' عنوان پر جامع مسجد میں خطاب۔ 400/بچوں نے استفادہ کیا۔
- 20/جولائی 2014 کو فیض پور میں سورہ المومنون کی ابتدائی گیارہ آیتوں پر مطالعۂ قرآن کی رہنمائی کی گئی اور چلڈرن سرکل کا تعارف کروایا گیا۔ 400 مصلیان کرام موجود تھے۔
- 22/جولائی 2014 کوراویر میں سورہ المومنون کی تبدائی گیارہ آیتوں کی تفہیم وتشریح پیش کی۔ بعد ازیں چلڈرن سرکل کا تعارف پیش کیا گیا۔ ایک طالبہ مصباح فردوس کی نظمیں، کہانیاں سن کر رہنمائی کی۔ SIO ممبران و ایسوسی ایٹس سے IFC، JAC اور چلڈرن سرکل کے ماہرین Co-operation اور Co-ordination پر تبادلۂ خیال رہا۔
- 4/ 11/ 18/ اور 25/جولائی 2014 جمعہ کے موقع سے ملیہ بوائز ہائی اسکول کے طلباء (تعداد 700) کے سامنے آخری 10 سورتوں کی تفہیم وتشریح پیش کی گئی۔ اُس کے تراجم زبانی یاد کروائے گئے۔
- 8/اگست 2014 پرائز ڈسٹری بیوشن فنکشن: جماعت پنجم کے 200 طلباء میں سے 3 طلباء جنہوں نے مکمل روزے رکھے۔ پانچوں وقت کی نمازیں ادا کی اور مکمل ناظرہ قرآن کیا اُن کو صفیہ باجی و نسرین باجی کے ہاتھوں انعامات تقسیم کیے گئے اور سب طلباء کو تقویٰ کے حصول کی طرف رہنمائی کی گئی۔
- 14/اگست 2014 کو بیڑ میں غلامی اور آزادی کے فرق پر ملیہ بوائز ہائی اسکول بیڑ کے 700 طلباء کے درمیان رہنمائی کی گئی۔
- 18/اگست 2014 کو ناندیڑ میں چلڈرن فیسٹیول کے تقسیم انعامات پروگرام میں شرکت کی گئی۔ کم وبیش 200 طلباء شریک تھے۔






ریاست کے مختلف مقامات پر چلڈرن سرکل کی سرگرمیاں

- آیٹا کی شوریٰ کی نشست میں سورہ فاتحہ کی پہلی آیت پر تذکیر پیش کی
نیز آیٹا و چلڈرن سرکل میں تعاون کی راہوں پر ذمہ داران سے تبادلۂ خیال رہا۔
- 24 تا 26/اگست 2014 کو ناندیڑ میں شرکت کی گئی۔
- 7/ستمبر 2014 کو امبہ جوگائی میں الخیر بیت المال ناگرک پت سنستھا کے دس سالہ اجلاس میں احقر کو بہترین خدمات پر استقبالیہ دیا گیا۔ بعد عصر جماعت اسلامی ہند کے وابستگان و SIO کے رفقاء کی مشترکہ نشست میں چلڈرن سرکل کے دیگر مقامات کی کارکردگیوں کو پیش کر کے انہیں Motivate کیا گیا۔
- 13/ستمبر 2014 کو اورنگ آباد میں SIO اورنگ آباد یونٹ کی جانب سے منعقدہ تقسیم انعامات فنکشن مولانا آزاد ریسرچ سینٹر میں بحیثیت مہمانِ خصوصی شرکت رہی۔ اقبالؔ کی دُعا مترنم پیش کی گئی۔
- عثمان آباد میں 10/رفقائے جماعت کا چلڈرن سرکل کے قیام کے موضوع پر Workshop لیا جس میں امیر مقامی و ناظم ضلع بھی موجود تھے۔



طلباء کے لئے مختلف پروگرام

- 20/ستمبر 2014 کو اورنگ آباد میں IDB کیمپ میں رسالۂ دینیات کی تفہیم و تشریح انجینئرنگ و میڈیکل طلباء کے سامنے پیش کی گئی۔ شرکاء کم و بیش 75 طلباء تھے۔
- 24/ستمبر 2014 کو اورنگ آباد میں 2/یتیم طلباء و 3/نادار طلباء کی اعانت کی گئی۔ جن کا تعلق جماعت دوم تا ہشتم تک ہے۔
- 30/ستمبر 2014 کو اورنگ آباد میں ''ترانہ چلڈرن سرکل'' ایک مشاعرہ زبیری نسرین سے لکھوایا گیا۔ اُس کو منتخب طلباء سے مترنم آواز میں مشق کروا کر آگے سب مقامات پر انشاء اللہ بھجوایا جائے گا۔
- چلڈرن لائبریری سے 10 طلباء نے استفادہ کیا اور چلڈرن لائبریری میں 7 نئی کتب کا اضافہ کیا گیا۔

# رابطہ عامہ

- دورانِ مدت سکریٹری رابطہ عامہ نے 12 ملی شخصیات، 6 سماجی شخصیات، 4 مذہبی شخصیات، 4/سیاسی شخصیات، 7 صحافی حضرات، 3/مختلف NGOs کے ذمہ داران اور 7 مختلف مما لک کے قونصل خانے کے ذمہ دار اس طرح بحیثیت مجموعی 43 ذمہ داران سے ملاقات کا اہتمام کیا۔
- مختلف NGOs اور تنظیموں کی 3 نشستوں وسرگرمیوں میں شرکت کی گئی اور مختلف مسالک کے علماء سے ربط قائم کیا گیا۔
- الیکشن میں سیکولر ووٹوں کی تقسیم ہونے سے بچانے کے لیے قومی سیکولر پارٹیوں سے روابط اور ان کو چھوٹی جماعتوں کو ساتھ لے کر چلنے کے لیے آمادہ کرنیکی کوشش کے سلسلے میں وزیرِ اعلیٰ سے ملاقات کرائی گئی۔



غیر ملکی صحافیوں کی سیکریٹری شعبۂ رابطہ عامہ سے دفتر حلقہ میں ملاقات

- ڈاکٹر ذاکر نائک صاحب کو ''اسلام سب کے لیے'' مہم کے سلسلہ میں مختصر معلومات دی گئیں۔
- جماعت اسلامی ہند کے نصب العین، حقیقی محرک، اساسِ کار، طریقہ کار کی یاددہانی کے لیے ذمہ داران حلقہ، ارکانِ شوریٰ، سکریٹریز شعبہ جات، امراء مقامی، نظماء ضلع، حلقہ خواتین، GIO اور SIO کے ذمہ داران کو اور دیگر علماء کرام ودانشورانِ ملت کو تقریباً 600 عیدالفطر مبارک کارڈ بھیجے گئے۔
- مولانا ظہیر عباس رضوی صاحب کو مہاراشٹر وقف بورڈ کا ممبر نامزد ہونے پر مبارکباد دی گئی۔
- ''مہاراشٹر کا وکاس نیائے اور سدبھاؤنا کے ساتھ'' مہم کے لیے ناسک، مالیگاؤں، منماڑ، دھولیہ، ایولہ اور سندکھیڑا مقامات پر 50 اہم شخصیات سے ملاقات کی گئی اور اس مہم کی اہمیت ضرورت اور تقاضوں کی تفہیم کرائی گئی۔





ناندیڑ کے گرودوارہ میں قیم جماعت مرکزی سیکریٹری اور سیکریٹری حلقہ کی آمد پر انتظامیہ کی جانب سے استقبال

- امین پٹیل صاحب (کانگریس) کو پرجا فاؤنڈیشن کی طرف سے بہترین MLA کا اعزاز دیے جانے پر مبارکباد دی گئی۔
- لالو پرساد یادو کے ممبئی میں ہارٹ آپریشن کے موقع پر عیادت کی گئی۔ ابوعاصم اعظمی، عارف نسیم خان اور دیگر سیاسی افراد سے ملاقاتیں کی گئیں۔
- جماعت کے تعارف کے لیے غیر اُردو میڈیا کے ساتھ گیٹ ٹو گیدر کیا گیا۔ امیر حلقہ سے سوالات جوابات ہوئے۔ کل 25 سے زائد افراد شریک ہوئے۔ القاعدہ کی بھارت میں شاخ کھولنے کی خبر پر جماعت کا موقف پیش کیا گیا جو ٹائمز آف انڈیا ممبئی میں چھپا۔
- قطر کے نئے قونصل جنرل عیسیٰ ابراہیم علی الذوادی صاحب سے ملاقات ومبارکباد دی گئی۔ ایران کے قونصل جنرل مسعود خالقی صاحب اور ایران کلچر ہاؤس کے مہدی حسن خانی صاحب سے ملاقات کی گئی۔ سعودی عرب کے قومی دن کے پروگرام میں شرکت کی گئی۔ عبداللہ العیسیٰ صاحب سے ملاقات ملیشیا اور انڈونیشیا کے قونصل خانوں سے رابطہ قائم رکھنے کی کوشش کی گئی۔ افغانستان قونصل خانے کے PRO سے ملاقات کی گئی۔
- غزہ پر اسرائیلی بربریت پر امریکی حمایت اور فعال مدد پر احتجاج کرنے کیلئے ملی تنظیموں کے ساتھ امریکن قونصل خانے کے ذمہ داران سے ملاقات اور احتجاج درج کرایا گیا۔
- دوران مدت سکریٹری رابطہ عامہ نے شعبہ کے لیے 73 یوم فارغ کیے اور 7 مقامات کے دورے بھی کیے۔

# میڈیا سیل

## ذرائع بلاغ کے موثر استعمال پر تحریک نے ابتداء ہی سے توجہ دی ہے

جماعت قیام عدل، کرپشن کے ازالے اور سرمایہ دارانہ استعمال کے سدباب کے لیے اسلامی تعلیمات کو اس طرح عام کرے گی کہ اسلام ماس میڈیا، علمی اور عوامی حلقوں میں ایک متبادل کے طور پر موضوع بحث بن جائے۔ اس مقصد کے پیش نظر درج ذیل سرگرمیاں انجام دی گئیں:

- ٹی وی پروگراموں میں شرکت: 2
- زیر ربط رپورٹرس: 16
- پریس کانفرنسوں کا انعقاد: 2
- مضامین کی اشاعت: 71
- مراسلوں کی اشاعت: 75
- پریس ریلیز: 6
- جماعت کی سرگرمیوں کی رپورٹ اخبارات میں: 69



میڈیا سیل مہاراشٹر کی جانب سے ممبئی میں مراٹھی، انگریزی، ہندی، میڈیا کے نمائندوں کیلئے ڈنر

- /http://jihmaharashtramediacell.blogspot.in اس بلاگ پر برابر خبروں کو اپڈیٹ کیا گیا۔ بلاگ تک پہنچنے والوں کی تعداد 9276 /افراد ہے۔
- https://www.facebook.com/JIHMaharashtra?ref=hl اس فیس بک کو 643 لوگوں نے لائک کیا۔
- https://www.facebook.com/JIHMH?ref=hl اس فیس بک کو 1625 لوگوں نے لائیک کیا۔
- https://www.facebook.com/MahaVikas?ref=hl اس فیس بک کو 482 لوگوں نے لائیک کیا۔








قیم جماعت، مرکزی سکریٹری، محمد احمد صاحب، امیر حلقہ، سکریٹری حلقہ، ودیگر ذمہ داران، کی ناندیڑ میں صحافیوں سے ملاقات

- دعوتی مہم ’’اسلام سب کے لئے‘‘ 9 تا 18 جنوری 2015 کے اس فیس بک پیج https://www.facebook.com/Click2Islam?ref=hl کو 295 لوگوں نے لائیک کیا۔
- سکریٹری میڈیا سیل نے اس مدت میں 50 یوم میں اوسطاً تین گھنٹہ کام کیا ناندیڑ اور اورنگ آباد مقامات کا دورہ کیا۔
- آفس سکریٹری میڈیا سیل نے 65 یوم میڈیا سیل کے لیے فارغ کیے۔ روزانہ اوسطاً 8 گھنٹے کام کیا۔





ریاست کے مختلف مقامات پر سیٹی کیبل کے ذریعہ اصلاح معاشرہ و دعوت دین کے پروگرام نشر کیئے گئے





میڈیا سیل مہاراشٹر کی میٹنگس کا انعقاد

# ادارہ جات

## شعبۂ ادارہ جات کی رپورٹ :

شعبہ ادارہ جات نے دورانِ مدت درج ذیل سرگرمیاں انجام دی:

- **مسلم مائناریٹی ایجوکیشن سوسائٹی پوسد:**

سوسائٹی کی تعمیراتی کمیٹی نے ادارے کے تعمیراتی پروجیکٹ کے لیے -/12,00,000 کی خطیر رقم جمع کی۔
پرائمری اسکول کو نئی عمارت میں شفٹ کرنے کے لیے ضلع پریشد سے NOC حاصل کی گئی۔

- **الھدیٰ سوشل ویلفیئر سوسائٹی مالیگاؤں :**

شہر کے قلب میں سوسائٹی کی جگہ پر تعمیراتی پروجیکٹ تشکیل دیا گیا۔ جس کا تخمینہ -/70,00,000 (ستر لاکھ روپے) ہے۔
جناب اعجاز اسلم صاحب (مرکزی سکریٹری) کے ہاتھوں افتتاح عمل میں آچکا ہے۔




مالیگاؤں میں الھدیٰ سوسائٹی کی نئی عمارت کا سنگ بنیاد مرکزی سکریٹری مولانا اعجاز اسلم کے ہاتھوں

**ادارہ جات کے میکانیزم کے ضمن میں نشست :**

- 7 ستمبر 2014 کو دفتر شعبہ پر ادارہ جات کے میکانیزم کو تشکیل دینے کے لیے ایک نشست کا انعقاد کیا گیا جس میں عبدالوحید صاحب (سکریٹری شعبہ)، ناصر حسین (معاون سکریٹری شعبہ) اور دیگر ارکان شعبہ، مولانا غلام رفیق صاحب، جناب ضمیر قادری صاحب اور جناب عبداللطیف صاحب، شامل رہے اور بحیثیت مدعو خصوصی ظہور احمد صاحب (سکریٹری شعبہ تعلیم) نے بھی شرکت کی۔

**نور سوسائٹی بیڑ :**

سوسائٹی نے الھدیٰ اسکول کے تعمیراتی پروجیکٹ کو تشکیل دیا۔ شعبہ کے توسط سے سوسائٹی کو پروجیکٹ کی شروعات کے لیے امیر حلقہ سے توثیق مل چکی ہے۔

**سوسائٹیز کے ورکشاپ:**

- شعبہ کے منصوبے کے مطابق 2 روزہ ورکشاپ کے ایک دن کا پروگرام شیڈول ترتیب دیا گیا اور مقررین کے نام بھی فائنل کیے گئے۔ دوسرے دن کے پروگرام شیڈول میں مینجمنٹ کی جدید طرز اور جدید عنوانات کے لیے پیشہ وارانہ Trainer سے ملاقات کی گئی۔ لیکن بار بار رابطہ کرنے کے باوجود انہوں نے ابھی تک کوئی Concern نہیں دیا۔

**دورہ جات وغیرہ:**

- عبدالوحید صاحب (سکریٹری شعبہ) نے کُل 4 دورے کیے جس میں اورنگ آباد اور آکولہ بھی شامل ہیں۔ ناصر حسین صاحب (معاون سکریٹری شعبہ) نے کل 19 دورے کیے جس میں ممبئی، ناسک، مالیگاؤں، ناندیڑ، لاتور، کھام گاؤں، پربھنی، خلد آباد، اورنگ آباد کے دورے بھی شامل ہیں۔ جب کہ رکن شعبہ سید ضمیر قادری صاحب نے بھی ایک دورہ کیا۔
- اس سہ ماہی میں 2 میٹنگوں کا انعقاد کیا گیا۔

# ٹرسٹوں کی کارکردگی

## آئیڈیل ریلیف کمیٹی ٹرسٹ (IRCT) :

- لیگل اسٹیٹس اور رجسٹریشن: انکم ٹیکس ڈپارٹمنٹ میں 80G رجسٹریشن کے ضمن میں سماعتوں کی پیروی جاری ہے۔
- میڈیکل : ٹرسٹ کے تحت ممبئی میں مختلف ڈائیگنوسٹک سینٹرس سے رابطہ قائم کرکے 28 ضرورت مند مریضوں کو 40 تا 50 فیصد رعایتی داموں میں X-Ray، CT-Scan، MRI، Urine Test، Blood اور متعدد قسم کے چیک اپ کروائے گئے۔ مریضوں کی طبی امداد کی گئی۔
- تعلیم: 10 طلباء وطالبات کو اسکول/کالج کی فیس اور اس سے متعلق ضروریات کے لیے -/28,500 روپے بطور تعلیمی امداد دیے گئے۔
طلباء کو مائنارٹی اسکالرشپس ودیگر ٹرسٹوں سے تعلیمی امداد کے لیے رہنمائی کی گئی۔

## آئیڈیل ریلیف ونگ :

- فی الحال 150 والنٹیرس تیار ہیں۔ نئے والنٹیرس کے لئے مقامات سے ربط کیا جارہا ہے، دورے کے موقع سے توجہ دلائی جارہی ہے اور ہنگامی ریلیف ورک کیلئے ان والنٹیرس کی خدمات بھی لی جارہی ہیں۔
- انڈین ریڈکراس سوسائٹی کے سہ روزہ فرسٹ ایڈ ٹریننگ کیمپ منعقدہ 4 تا 7 ستمبر 2014 بمقام ممبئی میں پوسد، پاتھری، ناندیڑ، اکولہ واورنگ آباد کے منتخبہ والنٹیرس کو شریک کروایا گیا۔ حکومت کی جانب سے انہیں سرٹیفکیٹس بھی دیے گئے۔







ممبئی میں انڈین ریڈکراس سوسائٹی کے فرسٹ ایڈ ٹریننگ کیمپ میں جماعت کے شعبۂ خدمت خلق کے افراد کی شرکت

## اسلامک مراٹھی پبلیکیشنز ٹرسٹ (IMPT) :

**IMPT** کے تحت ان تین ماہ میں 9 عدد نئی کتابوں (پریدھ ماتیں اسلام چا سندیش، جماعتِ اسلامی ہند آنی راشٹر نونرمان، اسلام آنی بالک، بھانڈول شاہی وساماجک وشمتا، بھانڈول شاہی سامراجدھ آنی استریدھا، بھانڈول شاہی آنی آرتھک شوشن، اسے ہوتے پریدھ پیغمبر، برتھ کنٹرول (دُر پرینام)، ندھادھاچے دھودھواحق بنا) کی اشاعت اور 18 آوٹ آف اسٹاک کتابوں (پریشت محمدؐ یانچے پویتر جیون، دارو بندی آنی اسلام، اسلام آرنی دہشت واد، مانوا ورا یکیشورواداچا پربھاؤ، مانوتے چا آدرش، اسلام مدھے مانوادھیکار، محمدؐ آدرش پریشت، نماز، تفہیم القرآن پربودھ، پریشت محمدؐ ایک شنکشپت پریچئے، اسلام آنی استری، پریشت محمدؐ آنی بھا.دھرم گرنتھ، جماعت اسلامی ہند ایک پریچئے، مانواچی آرتھک سمسیا، پریشت محمدؐ آ.جی. چے پرنیتے، پریشت محمدؐ یانچا جیون سندیش، پریشت محمدؐ پریم، دَیا، کروناساگر) کی اشاعت کی گئیں۔ 07 عدد کتب زیرطبع ہیں۔ مراٹھی ترجمہ قران کا 19 واں ایڈیشن 10,000 اور سبودھ قرآن (اول ودوم) 550 کی تعداد میں شائع کیا گیا۔

### فلاح عام ٹرسٹ (FAT):

- پربھنی اور میرا روڈ (ممبئی) ان دو مقامات پر فلاح عام ٹرسٹ کی نئی شاخوں کی منظوری دی گئی۔ چیئرمین فلاح عام ٹرسٹ نے ان مقامی مجلس منتظمہ (LMC) کی توثیق فرمادی ہے۔
- مقامی شاخوں سے 14-2013 کی آڈٹ رپورٹ جمع کرنا جاری ہے۔
- جامعہ دارالاسلام جالنہ:
  - الحمدللہ گزشتہ سال 14/طلبہ فارغ ہوئے۔ جن میں سے 6 طلبہ مساجد میں امامت کے فرائض بحسن وخوبی انجام دے رہے ہیں۔ کچھ نے اپنا رُکا ہوا تعلیمی سلسلہ دوبارہ جاری کردیا ہے۔ اسی کے ساتھ تحریکی سرگرمیوں میں بھی حصہ لیتے ہیں۔
  - 5/اگست 2014 سے نیا سال شروع ہوا۔ چھٹیوں میں جن مقامات کے طلبہ فراہمی کے لیے دورے کیے گئے تھے۔ وہاں کے ذمہ داران سے بذریعہ فون ربط پیدا کیا گیا۔ جامعہ کے ڈائریکٹر جناب شیخ اسمٰعیل صاحب اور مولانا زید ایوبی صاحب نے حلقہ کے امراء مقامی کو فون کرکے طلبہ بھیجنے کے لیے متوجہ کیا۔ امسال طلبہ کی آمد کا سلسلہ بہت سُست رہا۔ فی الحال 11/کی تعداد موجود ہے۔
  - 11/اگست 2014 سے تعلیمی سلسلہ شروع کیا گیا۔ ایک کلاس بنائی گئی۔ معیار کے لحاظ سے اُردو املا اور خواندگی میں طلبہ کے کئی گروپ بنا کر بنیادی کمزوری دور کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ دو ماہ بعد بہتر بچوں کی علاحدہ کلاس بنا کر نصاب روبہ عمل لایا جائے گا۔ تجوید اور ناظرہ میں تمام طلبہ کو ساتھ رکھا گیا ہے۔





  - ہاسٹل کا نظام الاوقات طے کیا گیا۔ اسی کے مطابق سرگرمیاں انجام دی جاتی ہیں درس وتقریر کے لیے طلبہ کو تیار کیا جارہا ہے۔ روزانہ بعد نماز فجر درس قرآن اور ہفتہ واری تقریری پروگرام منعقد ہوتا ہے۔ ابتدائی طور پر تفسیر دیکھنے کی رہنمائی کی گئی۔ تقریر کا طریقہ بتایا گیا۔
  - روزانہ اسمبلی سے تعلیم جاری ہوتی ہے۔ اسمبلی میں طلبہ کوئی حدیث یا حدیث یا آیت مع ترجمہ اور عصر بعد کی تذکیر میں ذمہ داران، کمزوریوں کی اصلاح اور خوبیاں پیدا کرنے کے لیے واقعات اور احادیث پیش کرتے ہیں۔
  - جماعت کے ہفتہ وار مرکزی درس اور ماہانہ تزکیہ کیمپ میں طلبہ شریک ہوتے ہیں۔ دو طلبہ نے ''اسلام سب کے لیے'' مہم کے تفہیمی کیمپ اورنگ آباد میں شرکت کی۔
  - 13/ستمبر 2014 بعد نماز مغرب مولانا الیاس فلاحی صاحب نے طلبہ سے خطاب کیا۔ موصوف نے جامعہ کے قیام کا مقصد اور تعلیم کی اہمیت واضح کی۔
  - 25/ستمبر 2014 مولانا مودودیؒ کے یوم ولادت کی مناسبت سے مغرب بعد پروگرام رکھا گیا۔ مولانا زید ایوبی صاحب اور قاری نواز صدیقی صاحب نے تفصیل سے مولانا کا بچپن: راہ حق میں ان کی قربانیاں اور جماعت کی تاسیس پر اظہار خیال کیا۔

# گرلز اسلامک آرگنائزیشن (GIO)

## GIO نارتھ زون :

### تزکیہ وتربیت کے تحت:

- جی آئی او مہاراشٹر نارتھ زون میں جملہ 32 یونٹس 21 سرکلس، 234 ممبران، 95 امیدوار ممبران، 5000 اسوسی ایٹ، کالج یونٹس 5 اور 01 کالج سرکل قائم ہے۔ جن میں ممبران کی تعداد 16 جبکہ اسوسی ایٹ 90 ہیں۔
- شعبہ تزکیہ وتربیت کے تحت 67 ماہانہ تزکیہ کیمپ منعقد کئے گئے جن سے 422 وابستگان تنظیم مستفید ہوئیں۔
- 33 ماہانہ احتسابی نشستوں کے ذریعہ 266 وابستگان تنظیم کا احتساب وجائزہ لیا گیا۔
- عربی تجوید کے ساتھ قرآن کی 7 کلاسس جاری ہیں جن سے 45 طالبات استفادہ حاصل کررہی ہیں۔
- اجتماعی مطالعہ کی کل 14 نشستوں کا انعقاد کیا گیا ہے جس سے 109 وابستگان تنظیم مستفید ہوئیں۔
- شب بیداری پروگرامس 73 منعقد ہوئیں جسمیں شرکاء کی تعداد 471 رہی۔
- تزکیہ گائیڈ پر عمل 173 وابستگان کرتی ہیں۔



وطنی طالبات کیلئے مختلف دعوتی سرگرمیاں





### دعوت کے تحت:

- 185 انفرادی دعوتی ملاقاتیں کی گئی 386 وطنی بہنوں نے استفادہ کیا۔
- 147 وفود کے ذریعہ 362 ہم وطنی بہنوں تک دعوت پہنچائی گئی۔
- مستقل دعوتی روابط رکھنے والی ممبران کی تعداد 62 ہے۔
- افطار پارٹی 21 منعقد کی گئیں جسمیں 821 شرکاء کی تعداد رہی۔
- کل 16 عید ملن پارٹیز کا انعقاد کیا گیا جسمیں 627 ہم وطنی بہنوں نے شرکت کی۔
- 04 گروپ ڈسکشن منعقد کیے گئے جسمیں 65 شرکاء نے حصہ لیا۔
- 02 ٹی پارٹیز ہوئیں جسمیں 16 ہم وطنی بہنوں نے شرکت کی۔
- 10 مراٹھی زبان میں مقرر تیار کیے گئے۔
- 17 قرآن، 235 فولڈرس اور 95 کتابیں تقسیم کی گئی۔
- 4 ستمبر "عالمی یوم حجاب" کے موقعہ پر "پردہ وحجاب سے متعلق غلط فہمیوں کا ازالہ کرنا، حجاب کے صحیح تصور کو واضح کرنا، پردہ وحجاب عورت کا محافظ اور موجودہ معاشرتی مسائل کو حل کرنے میں مدد ومعاون ہے، اس بات کو واضح کرنا۔" ان مقاصد کے تحت درجہ ذیل سرگرمیاں انجام دی گئیں۔
- 30 انفرادی اور 450 اجتماعی ملاقاتیں کی گئیں۔
- 02 گروپ ڈسکشن منعقد کیے گئے جس میں 46 ہم وطنی بہنوں نے شرکت کی اور سرگرم حصہ لیا۔
- 1000 مراٹھی ہینڈ بلس تقسیم کیے گئے۔
- اسکارف واسٹولس کی تقسیم کی گئی۔

## تعلیم کے تحت:

- 01 تہنیتی جلسہ کا انعقاد کیا گیا جسمیں شرکاء کی تعداد 60 رہی۔
- 08 نوٹس بینک و بک بینک کے ذریعہ 308 طالبہ نے استفادہ حاصل کیا۔
- 18 خصوصی توسیعی لیکچرس کے ذریعہ 1110 طالبات نے استفادہ حاصل کیا۔
- اسکولوں میں اخلاقیات لیکچرس کی تعداد 46 رہی جس سے کل
- 2220 طالبات نے استفادہ حاصل کیا۔
- کالجوں میں 12 اخلاقیات لیکچرس منعقد کئے گئے جسمیں استفادہ کنندگان کی تعداد 890 تھی
- 9 مستحق طالبات کی امداد کی گئی۔
- 28 بہنوں کو حصول تعلیم پر آمادہ کیا گیا۔
- 22 بلیک بورڈ/نوٹس بورڈ کا استعمال کیا گیا۔
- 07 ہیلپ کاؤنٹر لگایا گئے۔
- 01 دینی معلومات کا امتحان لیا گیا جسمیں 20 بہنوں نے شرکت کی۔
- ECGC لیکچرس کی تعداد 2 رہی جس سے 72 بہنوں نے استفادہ حاصل کیا۔

## خاندان ومعاشرہ کے تحت:

- 1147 انفرادی ملاقاتیں کی گئی اور 342 انفرادی روابط قائم ہیں۔
- 671 وفود نے 1162 افراد سے اجتماعی ملاقاتیں کیں۔
- 168 فیملی اجتماعات جن میں 642 شرکاء موجود تھے۔
- لائبریرز میں کتابوں کی تعداد 1846 ہے جس سے کل 184 وابستگان باقاعدگی سے استفادہ کررہی ہیں۔




بلولی میں یوم حجاب کے موقع پر وطنی بہنوں کی خواہش پر برقعہ کا تحفہ

- استقبال رمضان کے کل 23 منعقد کیے گئے جن سے 815 شرکاء مستفید ہوئیں۔
- سماعت قرآن کی 30 کلاسیس منعقد کی گئیں جس سے 1085 بہنیں مستفید ہوئیں۔
- یوم بدر کے ضمن میں کل 09 خطابات عام منعقد کیے گئے جن میں شرکاء کی تعداد 905 رہی۔
- 20 کتابچے، 90 کتابیں اور 92 قرآن تقسیم کیے گئے۔
- انفرادی ملاقاتیں: 188
- اجتماعی ملاقاتیں: 3070
- 4 ستمبر ''عالمی یوم حجاب'' کے موقع پر 'اسلام کے تصور حیا و حجاب کو واضح کرنا، حدود زینت و آرائش کے صحیح اور جامع تصور سے آگاہ کرنا، غض بصر سے متعلق طالبات و نوجوان خواتین میں بیداری لانا، حجاب، عورتوں و مردوں کے اخلاقی اقدار کی حفاظت کرتا ہے، اس بات کو عام کرنا۔' ان مقاصد کے لیے زون کے تمام مقامات پر ''4 ستمبر۔ عالمی یوم حجاب'' منعقد کیا گیا۔ جس کے تحت درجہ ذیل سرگرمیاں انجام دی گئیں۔



اسلامی معاشرہ کے تحت مختلف سرگرمیاں



اکولہ میں یوم حجاب پر خطاب عام

- 55اسکولس وکالجس میں لیکچرس لیے گئے جن میں استفادہ کنندگان کی تعداد 6209رہی۔
- 11 مساجد میں ائمہ مساجد کے ذریعہ خطبات جمعہ کا اہتمام کیا گیا۔
- 01 گروپ ڈسکشن منعقد کیا گیا جس میں شرکاء کی تعداد 13 رہی۔
- 16 خطابات عام منعقد کیے گئے جسمیں شرکاء کی تعداد 1680 رہی۔
- 9290 ہینڈ بلس اور 515 اسٹیکرس تقسیم کیے گئے۔
- 803 پوسٹرس چسپاں کیے گئے۔ ◆ حجاب/ برقع تقسیم کیے گئے۔
- دو خصوصی لیکچرس کا اہتمام کیا گیا جن میں 60 بہنیں شریک رہیں۔
- 2100 موبائیل ایس ایم ایس اور whatsapp میسجز کیے گئے۔
- فیس بک کے ذریعہ بھی پیغام پہنچایا گیا۔

### چلڈرن سرکل کے تحت:

- سینئر سی سی ممبران کی تعداد 617 ہے۔
- کل 234 ممبران سی سی گائیڈ سے استفادہ کرتیں ہیں۔
- کل 193 ہفتہ واری اجتماعات منعقد کیے گئے جس میں 2047 استفادہ کنندگان کی تعداد رہی۔

### تنظیم کے تحت :

- 156 ہفتہ واری اجتماعات کا انعقاد کیا گیا جس میں شریک بہنوں کی تعداد 1323 رہی۔
- کالج یونٹس کی تعداد ۵ ہے.
- ممبران کالج یونٹس ۱۶ ہے جبکہ اسوسی ایٹ کی تعداد ۹۰ ہے۔
- صدر تنظیم نے کل 02 مقامات کا دورہ کیا۔
- فلسطین وغزہ کی حمایت میں اسرائیل کی ظالمانہ وغیر منصفانانہ جنگ کے خلاف جماعت اسلامی مہاراشٹر کی جانب سے منعقدہ احتجاجی مظاہروں میں مختلف مقامات پر GIO نے شرکت کی اور بھرپور تعاون کیا۔

## GIO ساؤتھ زون :

### تزکیہ و تنظیم کے تحت :

- GIO مہاراشٹر ساؤتھ زون میں جملہ 13 / یونٹس، 21 سرکلس، 94 ممبران اور 650 ایسوسی ایٹس ہیں۔
- 20 / تزکیہ کیمپ منعقد کیے گئے جن سے ممبران وایسوسی ایٹس نے استفادہ کیا۔
- مقامات پر 30 / احتسابی نشستوں کے ذریعہ سے ممبران وفعال ایسوسی ایٹس کا جائزہ واحتساب لیا گیا۔
- 25 / اجتماعی مطاعہ کی نشستوں سے وابستگان نے استفادہ کیا۔
- 151 / ہفتہ واری اجتماعات منعقد کیے گئے جن سے 3020 طالبات وخواتین نے استفادہ کیا۔
- 5 / مقامات پر تجوید کلاسیس جاری ہیں جن میں شرکاء کی تعداد 45 ہے۔

ساتھ ہی ماہِ رمضان میں تقریباً مقامات پر سماعتِ قرآن کی نشستیں منعقد ہوئیں۔ جن سے طالبات وخواتین نے استفادہ کیا۔

### دعوت کے تحت:

- زون میں تقریباً 211 وطنی بہنوں سے دعوتی روابط۔
- 511 وطنی بہنوں سے انفرادی ملاقاتیں
- 5 / اجتماعی ملاقاتیں کی گئیں جن سے 170 وطنی بہنوں نے استفادہ کیا۔



پاتھری میں وطنی طالبات کیلئے عید ملن

- ماہِ رمضان میں 7/افطار پارٹی منعقد ہوئیں جن سے 105 وطنی طالبات وخواتین نے استفادہ کیا۔
- 4 عید ملن پروگرام منعقد کیے گئے جن سے 224 وطنی بہنیں مستفید ہوئیں۔
- مقامات پر Parents Day اور Hijab Day کے سلسلہ میں NGOs ڈاکٹرس سے خصوصی ملاقات کا اہتمام کیا گیا۔
- 3 گروپ ڈسکشن منعقد ہوئے جن سے 17 طالبات نے استفادہ کیا۔
- زون میں 10/دعوہ مقررین کی تیاری کا کام جاری ہے۔
- تقسیم دعوتی لٹریچر: 25/قرآن مجید، 313 فولڈرس اور 213 کتابیں وطنی طالبات و بہنوں میں تقسیم کی گئیں۔
- پونہ اور بھیونڈی میں دعوہ ورکشاپ منعقد ہوا جن سے 30 شرکاء نے استفادہ کیا۔
- 3/دعوتی اجتماعات منعقدہ ہوئے جس میں 70 طالبات وخواتین شریک تھیں۔
- پونہ میں Whats App پر دعوتی گروپ بنایا گیا ہے اس گروپ میں 15 طالبات شامل ہیں۔
- کرلا یونٹ کی جانب سے فیس بک اور hats App پر مختلف موضوعات کے تحت ڈسکشن جاری ہے۔ اس طرح افرادِ تنظیم ان جدید ذرائع سے دعوتی پیغام پہنچا رہی ہے۔

## معاشرہ اور تعلیمی ادارے کے تحت:

- اس شعبہ کے تحت زون میں 660 ملی بہنوں سے انفرادی ملاقاتیں کی گئی۔
- 138 بہنوں سے وابستگان تنظیم کے روابط قائم ہیں۔
- 43 ممبران وایسوسی ایٹس فیملی اجتماعات کا اہتمام کرتے ہیں۔
- 2 مقامات پر ''یوم الفرقان'' منایا گیا۔







بیڑ میں طالبات کیلئے جلسۂ تہنیت

- 5 مقامات پر استقبالِ رمضان پروگرام منعقد کیے گئے۔
- What After Ramzan، شب بیداری، حجاب ڈے، حیاء ڈے، نماز ڈے، حقوق اللہ اور حقوق العباد، امر بالمعروف ونہی عن المنکر، زکوۃ، تراویح وغیرہ جیسے مختلف عنوانات پر اسکول، کالجس، ہفتہ واری پروگرامس میں خصوصی لیکچرس کا اہتمام کیا گیا۔
- فولڈرس اور کتابیں ملی بہنوں میں تقسیم کیے گئے۔
- 20 لوگوں کو رمضان Kit دی گئی ساتھ ہی 24 طالبات وخواتین نے عید Kit سے استفادہ کیا۔
- ایک طالبہ کو مالی امداد کے طور پر 4000 روپے دیے گئے۔
- 2 طالبات کو تعلیمی سلسلہ دوبارہ جاری کرنے پر آمادہ کیا گیا۔

## چلڈرن سرکل کے تحت:

- زون میں CC کی 30 یونٹس قائم ہیں۔ فعال یونٹس 20 ہیں جن میں 374 ممبران ہیں۔
- 137 ہفتہ واری پروگرام منعقد ہوئے جن سے CC ممبران نے استفادہ کیا۔
- 51 /احتسابی نشستوں کے ذریعہ CC کی بچیوں کا جائزہ واحتساب لیا گیا۔
- 12 مختلف قسم کے مقابلے منعقد کیے گئے جن سے چھوٹی عمر کی طالبات نے استفادہ کیا۔
- 16 مقامات پر اسپورٹس کا اہتمام ہوا۔

## چلڈرن فیسٹیول:

- ماہِ اگست-ستمبر 2014 میں زون کے تقریباً مقامات پر چلڈرن فیسٹیول بعنوان ''ہم روشن روشن مستقبل'' منعقد کیا گیا۔
- ممبئ وتھانہ میں چلڈرن فیسٹیول کی سرگرمیوں میں حصہ لینے کے لیے 1540 طالبات نے رجسٹریشن کروا کر اپنا نام درج کیا۔
- کچھ مقامات پر ماہِ دسمبر میں فیسٹیول رکھا جائے گا رجسٹریشن کا کام جاری ہے۔
- فیسٹیول کے تحت اورنگ آباد، شولاپور، جالنہ، ممبئ وتھانہ کے تقریباً سبھی یونٹس وسرکلس پر درج ذیل مقابلے منعقد ہوئے۔ (ڈرائنگ مقابلہ، تقریری وتحریری مقابلہ، سیرت کوئز، کارڈ میکنگ، نیڈل ورک، Calli Graphy، گلاس پینٹنگ، Best Out Of Waste، نمائش کے لیے ماڈلس کی تیاری....وغیرہ جن سے 2071 بچیوں نے استفادہ کیا۔
- شولاپور اور اورنگ آباد میں کنونشن ڈے منعقد ہوا جن سے 800 طالبات نے استفادہ کیا۔
- ممبئ میں فیسٹیول کی تشہیر کے لیے بچوں کا رسالہ ''گل بوٹے'' میں خصوصی ضمیمہ شائع ہوا۔ مقامات پر مختلف اخبارات کے ذریعہ تشہیر کا کام جاری ہے۔

# ادارہ ادب اسلامی ہند

## ادارۂ ادب اسلامی ہند مہاراشٹر :

- حلقہ مہاراشٹر میں اس وقت ادارہ ادب اسلامی ہند مہاراشٹر کی 11 /اضلاع میں 12 /شاخیں قائم ہیں۔
- ☆ زیر ربط شعراء کرام: 55 ☆ زیر ربط ادیب: 52 ☆ مشاعرے وادبی نشستیں: 02
- امراوتی میں 3 /اگست 2014 کو عید ملن کے موقع پر ادبی نشست لی گئی۔ مقامی شعراء نے اپنا کلام پیش کیا۔
- ادارہ ادب اسلامی ہند سے ایوارڈ یافتہ، دیرینہ رفیق، ملک گیر شہریت یافتہ شاعر و ادیب اور نقاد حضرت محبوب راہی صاحب (بارسی ٹاکلی) کو ان کی ادبی خدمات کے صلے میں نیشنل ایوارڈ سے نوازا گیا۔ اس سلسلہ میں مقامی انجمن نے اور جماعت اسلامی نیز ادارہ ادب اسلامی ہند مہاراشٹر کی جانب سے صدر ادارہ ادب اسلامی ہند مہاراشٹر کے ہاتھوں ان کا استقبال کیا گیا۔
- ''پیش رفت'' کے سلسلہ میں شعراء کرام اور ادب نواز دوستوں کو توجہ دلائی گئی۔ نیز شعراء کرام سے درخواست کی گئی کہ ''مدح رسول نمبر'' کے لیے نعتیہ کلام، یا مضامین روانہ فرمائیں۔
- 31 /اگست 2014 کو ایوت محل میں شعراء کرام سے ملاقات کی کوشش کی گئی۔ جناب منصور اعجاز صاحب اور ضیاء الدین صاحب سے آئندہ نشستوں کے سلسلہ میں اور پیش رفت کے تعلق سے گفتگو ہوئی۔
- بدنیرہ (امراوتی) میں ڈاکٹر ارشاد احمد ارشد صاحب سے ادارہ کے سلسلہ میں گفتگو ہوئی۔ امراوتی ضلع کے مختلف مقامات پر دورہ کرنے اور شعراء وادباء سے ملاقاتوں کا منصوبہ بنانے کی طرف انہیں توجہ دلائی گئی۔

ادارہ ادب اسلامی ہند مہاراشٹر کی سالانہ ادبی کانفرنس کا امراوتی میں انعقاد









**MPJ مہاراشٹر :**

- **ایگزیکیٹیو کونسل میٹس :** دوسری میٹ بتاریخ 16 / 17 ر اگست پونے میں ہوئی۔اس میٹ میں سالانہ منصوبہ بندی کی گئی۔

- **Intervene PIL :** مہاراشٹرا سطح پر 5% مسلم ریزویشن پر حکومت کے خلاف کچھ افراد نے ہائی کورٹ میں PIL داخل کی مذہب کے نام پر اس ریزویشن کی مخالفت کی گئی۔MPJ نے اس ریزویشن کو باقی رکھنے کے لئے ایک Intervene PIL داخل کی MPJ نے حکومت سے یہ جواب طلب کیا ہے کہ رنگا ناتھ مشرا کمیٹی، راجندر سچر کمیٹی اور پھر مہاراشٹرا کی سطح پر محمود الرحمٰن کمیٹی کی سفارشات، مسلمانوں کی معاشی وسماجی بدحالی کو دور کرنے کے لئے کوششیں کی گئیں۔

- **15 نکاتی پروگرام:** وزیراعظم کے 15 نکاتی پروگرام کے نفاذ کی خاطر حکومت مہاراشٹر کی کاہلی کے خلاف R.T.I کے ذریعہ بہت سی معلومات نکال کر بمبئی ہائی کورٹ میں ایک PIL داخل کی گئی تا کہ یہ بات سامنے آسکے کہ سرکاری اسکیمات بننے کے باوجود لال فیتہ شاہی اسے عملی جامہ پہنانے کے لیے تیار نہیں۔

- **ووٹر بیداری مہم** (1 تا 15 اکتوبر 2014): لوک سبھا کے انتخابات کے نتائج نے مسلمانوں کو سیاسی سطح پر بے وزن کر دیا تھا مسلمانوں کے اندر ووٹ دینے میں عدم دلچسپی، سیاسی شعور کی کمی اور اسی طرح دوسری وجوہ کو نظر میں رکھتے ہوئے MPJ نے اسمبلی الیکشن کے موقع پر ووٹر بیداری مہم منائی۔ ووٹر بیداری مہم میں اس بات کا خیال رکھا گیا کہ ہماری گفتگو صرف مسلمانوں کو متحد کرنے، بیدار کرنے کے لئے نہ ہو بلکہ ہر ایک انسان کے لئے ہو۔بعض اوقات ایسا دیکھنے میں آیا ہے کہ سیکولر ووٹوں کو متحد کرنے کی کوشش میں بنیاد پرست ووٹر متحد ہو گئے MPJ نے جمہوریت میں ووٹ کی اہمیت، سوچ سمجھ کر ووٹ دینے کی ضرورت اور حقیقی ترقی کن معنوں میں ان باتوں کو دھیان میں رکھ کر یہ بیداری مہم چلائی۔اضلاع میں اس مہم کے دوران سوشل میڈیا (Whatsapp,Facebook) الیکٹرونک میڈیا اور پرنٹ میڈیا کا استعمال کیا گیا۔پمفلٹ کی تقسیم، کارنر میٹینگس وریلی کا بھی اہتمام کیا گیا۔

- **کیڈر ورکشاپ:** لوک سبھا کے نتائج اور حکومت کی پالیسی میں مسلمانوں کے متعلق متوقع تبدیلی کے تناظر میں مختلف اضلاع میں کیڈر ورکشاپ رکھے گئے۔"ملک کی موجودہ صورت حال اور ہمارا لائحہ عمل" اس عنوان کے تحت کیڈر کو حالات کا تجزیہ کرکے نئے سرے سے کاموں کا تعین، عوام میں نفوذ کی راہیں، ملک میں متوقع تبدیلی کی جانب رہنمائی کی گئی۔

- **عوامی پروگرام:** ملک کی موجودہ صورت حال نے عوام کو منفی رخ دیا ہے۔جمہوریت اور سیاسی جماعتوں سے عوام کا اعتماد اٹھتا نظر آرہا ہے۔سماجی کام کرنے والی تحریکوں کے فقدان نے مسائل کو پیچیدہ بنا دیا ہے۔ایسی صورت حال میں MPJ جیسی عوامی تحریک کا رول کافی اہم ہو جاتا ہے۔ MPJ نے مختلف اضلاع میں عوامی پروگرام کے ذریعہ یہ پیغام دینے کی کوشش کی کہ اب ہمیں بہت زیادہ سیاسی سرگرمیوں میں حصہ نہ لیتے ہوئے سماجی کاموں کی جانب توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ان سماجی کاموں میں تمام طبقوں کو ساتھ میں لے کر چلنا ہوگا تب جاکر ہم جمہوریت کے ثمرات صحیح معنوں میں ہم لوگوں تک پہنچا پائینگے۔جمہوریت پر عوام کا اعتماد بحال کر پائینگے۔

- **انفارمیشن سینٹر:** مختلف اضلاع میں انفارمیشن سینٹر کا جائزہ لیا گیا اور مسائل دور کیے گئے۔نئے سرے سے کچھ اضلاع میں انفارمیشن سینٹر کا کام شروع ہوا۔ممبئی کے کچھ مقامات پر انفارمیشن سینٹر قائم کئے گئے۔انفارمیشن سینٹر کے ذریعہ اقلیتی اسکالرشپ کے فارم بھروائے گئے۔

- **راشن و راشن کارڈ:** ناگپور میں خصوصی طور پر تین بستیوں کو ہدف بنا کر وہاں کے راشن کے مسائل، راشن کارڈ کے بنانے کے متعلق ضروری رہنمائی کی گئی۔ MPJ کی اس کوشش سے 30 لوگوں کی نئے راشن کارڈ بن کر ملے۔ مختلف اضلاع میں راشننگ کے ذمہ داروں سے ملاقاتیں کی گئی اور راشن کارڈ کے متعلق رکے ہوئے کاموں کی طرف توجہ دلائی گئی۔
- **ہیلتھ اسکیم:** مختلف اضلاع میں ہیلتھ کی اسکیموں کے تعلق سے بیداری پیدا کی گئی۔ بھیونڈی میں تین علاقوں کو ہدف بنا کر عوامی بیداری کے کیمپ لگائے گئے اور حکومتی اسکیموں جیسے راجیو گاندھی جیون دائی یوجنا، فلاحی اسپتالوں میں ۲۰ فی صدر یزرویشن، پرائیوٹ ٹرسٹوں کے زریعہ ملنے والی سہولیات کا تعارف کرایا گیا۔
- **رائٹ ٹو ایجوکیشن:** مختلف اضلاع میں تعلیم کا حق اس قانون کے بارے میں لوگوں کی راہنمائی کی گئی۔ ہورڈنگ و ہینڈ بل کا استعمال کیا گیا۔ خصوصی طور پر ضلع جالنہ میں غریب بچوں کے داخلے اس قانون کے تحت کرائے گئے۔ SMC (School Managing Commettie) کو فعال بنانے کے لئے کوششیں کی گئیں۔ پرنسپل حضرات سے ملاقاتیں کی گئی۔ اسکولوں اور کالجوں میں لیکچرس لئے گیے۔





مختلف ورکشاپ کے ذریعہ عوامی بیداری


FDCA


# فورم فار ڈیموکریسی اینڈ کمیونل امیٹی


## FDCA مہاراشٹر


FDCA مہاراشٹر کی طرف سے ''ملک میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی، اہمیت ضرورت اور تقاضے'' کے عنوان سے جونیئر و سینئر کالج کے طلبہ کے لیے مقابلہ مضمون نویسی کا انعقاد کیا گیا۔ حلقہ کے نظماء ضلع و امراء مقامی اور SIO کے ذریعہ ضلع کے کالجوں کے نوٹس بورڈ پر مضمون نویسی مقابلہ اور اس کے اصول وضوابط نیز شرائط کی تشہیر کرائی گئی۔ حلقہ کے تقریباً 450 کالجوں کے نام خطوط کے ذریعہ وہاں کے طلبہ کو اس میں شرکت کی اطلاع اور انعامات کے ذریعہ ترغیب دی گئی۔ مراٹھی انگلش اور اُردو زبان میں 4000 الفاظ پر مشتمل مضامین طلب کیے گئے۔ کچھ کالجوں کی انتظامیہ اور پرنسپل و پروفیسرس نے اس میں دلچسپی لی۔ آخری تاریخ 21 / اگست 2014 تک ممبئ، تھانے، پونے، احمد نگر، ناسک، دھولیہ، آکولہ، بیڑ، لاتور اضلاع کے کالجوں سے مراٹھی میں 44، انگلش میں 58 اور اُردو میں 26 / طلبہ نے مضامین بھیجے۔ تینوں زبانوں کے تجربہ کار اساتذہ سے اس کی جانچ کرائی گئی۔ ہر زبان میں پہلا انعام -/5000 روپے، دوسرا انعام -/3000 روپے اور تیسرا انعام -/2000 روپے رکھا گیا۔ اس کے علاوہ ہر زبان میں 10-10 تشخص انعامات رکھے گئے۔ تمام پاس ہونے والے بچوں کو ''سرٹیفکیٹ آف آنر'' دی جائے گی۔

















IMPT

# इस्लामिक मराठी पब्लिकेशन्स ट्रस्ट

# ISLAMIC MARATHI PUBLICATIONS TRUST

**4/B Hamid Bldg., 96 Hafiz A.B. Marg, Mominpura, Mumbai - 11**
**Tel. : 2301 83 87 / 2308 28 20 Fax : 2305 20 02**
**Website : Web : www.islamdarshan.org**

# رفاقت جو بچھڑ گئی

یکم رجولائی تا 30رستمبر 2014ء کی مدت میں درج ذیل ارکان جماعت اسلامی ہند حلقہ مہاراشٹر اس دارِ فانی سے کوچ کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ اللہ تعالیٰ ان کی تحریکی جدوجہد کو شرفِ قبولیت بخشے اور انہیں جنت عطا فرمائے۔ آمین

## محترم محمد بشیر الدین صاحب، ناگپور



محترم محمد بشیر الدین صاحب رکن جماعت ناگپور مغرب کا انتقال پیرالائسیس کی وجہ سے یکم راگست 2014 کو ہوا۔ آپ مہاراشٹر کے مقام امراوتی میں 1929 کو پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم امراوتی، انٹرمیجٹ اور پری یونیورسٹی حیدرآباد اور بی اے ناگپور یونیورسٹی سے مکمل کیا۔ 1988 میں باضابطہ جماعت اسلامی ہند کی رکنیت اختیار کی اور بطورِ آڈیٹر مرکز جماعت دہلی میں 1990 تا 1999 اور بطورِ محاسب جماعت اسلامی ہند ناگپور مغرب میں 1999 تا 2014 اپنی ذمہ داری ادا کی۔ آپ نے باٹا شوز کمپنی کی ناگپور اور جالنہ برانچ میں بطور منیجر سروس کی۔ مرحوم موصوف پُروقار اور مہذب شخصیت کے مالک تھے۔ اپنی گفتگو اور ملن ساری سے عام لوگوں کو متاثر کرکے تحریک سے وابستہ کیا۔

## جناب ہارون رشید فاروقی صاحب، پاتھری



جناب ہارون رشید فاروقی صاحب رکن جماعت پاتھری (ضلع پربھنی) کا انتقال ہارٹ اٹیک کی وجہ سے 28رستمبر 2014 کو ہوا۔ آپ یکم رجنوری 1956 کو پیدا ہوئے۔ ریاست کے ایک بڑے اور معروف ادارے میں عالمیت کی غرض سے داخلہ لیا مگر دو سال بعد ادارہ سے اس لیے مار پیٹ کر نکال دیا گیا تھا کہ وہ ''تفہیم القرآن'' کا مطالعہ کرتے پائے گئے تھے۔ مطالعہ کے ذوق اور جماعت کے لٹریچر کی وجہ سے عالم دین کے درجہ کی صلاحیت پیدا ہوگئی تھی۔ 2000 میں جماعت کے رکن بنے۔ امیر مقامی کی ذمہ داری نبھائی۔ مقام پر مربی کی حیثیت تھی۔ مزاج میں عاجزی وانکساری اور درسِ قرآن میں مہارت حاصل تھی۔ درس کا انداز پرسوز اور دلوں کو چھو لینے والا ہوتا تھا۔ ملاقات کسی سے ایسی نہیں ہوتی جس میں آخرت کی یاد دہانی نہ کرواتے ہوں۔ صاف گوئی مزاج کا حصہ تھی۔ جیتا پور مسجد میں روزآنہ عشاء کی نماز کے بعد قرآن کا درس دیا کرتے تھے، اس کے کئی دور مکمل کیے۔ برادرانِ وطن سے ملاقاتوں میں بہت ہی تڑپ اور دلسوزی کے ساتھ دعوت پیش کرتے۔ پسماندگان میں 6 لڑکے اور 4 لڑکیاں ہیں۔ اللہ مرحوم کو جنت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ آمین

**وہ جو ہم سفر نہ رہ سکے** ......

- جناب محمد رفیق سرخواص صاحب، پونہ
- محترم نذر محمد مدعو صاحب، دفتر حلقہ



اسلام سب کیلئے

دعوتی مہم (9 تا 18 جنوری 2015)

جماعت اسلامی ہند حلقہ مہاراشٹر کے میقاتی منصوبے کے مطابق

# دعوتی مہم بعنوان: ”اسلام سب کے لیے“

مرکزی موضوع : ”اسلام ہی ہر شخص کے لیے موجب فلاح ونجات“

**مہم کا ہدف :**

- ریاست مہاراشٹر کے تین کروڑ انسانوں تک اسلام کا پیغام پہنچایا جائے گا۔ انشاء اللہ۔
- پورے مہاراشٹر میں انشاء اللہ 500 مقامات پر مہم کے پروگرام منعقد کرنے کی کوشش کی جائے گی۔

## تاریخیں : 09 تا 18 جنوری 2015

## منصوبہ بندی:

فرد، مقام، ضلع، شعبہ دعوت اور میڈیا ان سطحوں پر چھ ماہ قبل منصوبہ بنا کر دیا جائے گا کہ ہر ماہ انہیں کون سی سرگرمیاں انجام دینا ہے۔

## مہم کے مقاصد:

- برادران وطن میں اسلام کو بحیثیت نظام زندگی متعارف کرانا نیز یہ کہ اسلام ہی ہر فرد کے لیے موجب فلاح ونجات ہے۔
- اسلام اور پیغمبر اسلامؐ کے بارے میں برادرانِ وطن کی غلط فہمیوں کا ازالہ۔
- عصر حاضر کے سنگین مسائل کا اسلامی حل پیش کرنا۔
- مسلمانوں کو آمادہ کرنا کہ وہ اپنے قول وعمل سے برادرانِ وطن میں اسلام کی دعوت پہنچائیں

## لانچنگ پروگرام 9 جنوری 2014 بروز جمعہ

| مقام | ذمہ دار | مقام | ذمہ دار |
|---|---|---|---|
| ممبئ (جوگیشوری) | محمد جعفر (نائب امیر جماعت اسلامی ہند) | اورنگ آباد | ڈاکٹر جاوید مکرم صدیقی (رُکن شوری جماعت اسلامی ہند، حلقہ مہاراشٹر) |
| | توفیق اسلم خان (امیر حلقہ مہاراشٹر) | جلگاؤں | سید عزیز محی الدین (رُکن شوری جماعت اسلامی ہند، حلقہ مہاراشٹر) |
| پونہ | مولانا اقبال ملاّ (سیکریٹری جماعت اسلامی ہند) | ایوت محل | مولانا محمد رفیق قاسمی (سیکریٹری جماعت اسلامی ہند) |
| ناندیڑ | مولانا اعجاز اسلم (سیکریٹری جماعت اسلامی ہند) | ناگپور | رضوان الرحمٰن خان (معاون امیر حلقہ جماعت اسلامی ہند حلقہ مہاراشٹر) |

Designe by : Anees 9860794714